# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 21 جون 2022ء بمطابق 21 ذیقعد 1443ہجری بعداز دوپہر دو بجکر اکتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اوراس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یَوۡمَ تُقَلَّبُ وُجُوۡهُهُمۡ فِی النَّارِ یَقُوۡلُوۡنَ یٰلَیۡتَنَاۤ اَطَعۡنَا اللّٰهَ وَاَطَعۡنَا الرَّسُوۡلَا O وَقَالُوۡا رَبَّنَاۤ اِنَّاۤ اَطَعۡنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوۡنَا السَّبِیۡلَا O رَبَّنَاۤ اٰتِهِمۡ ضِعۡفَیۡنِ مِنَ الۡعَذَابِ وَالۡعَنۡهُمۡ لَعۡنًا كَبِیۡرًا O یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِیۡنَ اٰذَوۡا مُوۡسٰی فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوۡا O وَكَانَ عِنۡدَ اللّٰهِ وَجِیۡهًا O یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوۡلُوۡا قَوۡلًا سَدِیۡدًا۔

(ترجمہ): جس روزان کے چہرے آگ پرالٹ پلٹ کئے جائیں گے اس وقت وہ کہیں گے کہ "کاش ہم نے اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کی ہوتی اور کہیں گے "اے ہمارے رب، ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کی اطاعت کی اور انہوں نے ہمیں راہِ راست سے بے راہ کر دیا۔ اے رب، ان کو دوہرا عذاب دے اور ان پر سخت لعنت کر۔ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، ان لوگوں کی طرح نہ بن جاؤ جنہوں نے موسیٰؑ کو اذیتیں دی تھیں، پھر اللہ نے ان کی بنائی ہوئی باتوں سے اس کی برأت فرمائی اور وہ اللہ کے نزدیک باعزت تھا۔ اے ایمان لانے والو! اللہ سے ڈرو اور ٹھیک بات کیا کرو۔ وآخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِینَ۔

## اراکین کی رخصت

Mr. Deputy Speaker: Item No. 2. Leave applications:

جناب ظفر اعظم صاحب، 21تا24 جون; سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، 21 جون; حاجی قلندر لودھی صاحب، 21 جون; حاجی ریاض خان صاحب، 21 جون; جناب شفیع اللہ خان صاحب، 21 جون; محترمہ سومی فلک ناز صاحبہ، 21 جون; جناب ارشد ایوب خان صاحب، 21 جون; سردار محمد یوسف زمان صاحب، 21 جون; مفتی عبیدالرحمان صاحب، 21 جون; جناب آصف خان صاحب، 21 جون; جناب اکبر ایوب صاحب، 21 جون اور محترمہ ملیحہ اصغر خان صاحبہ، 21 جون۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

## سالانہ بجٹ برائے مالی سال 2022-23 پر عمومی بحث

جناب ڈپٹی سپیکر: بجٹ پر General discussion کے لئے Start لیتے ہیں۔ یہ نام میں پہلے بھی پکار چکا ہوں، میں سیکنڈ ٹائم پھر پکار رہا ہوں، جو اس وقت ہال میں موجود ہوں گے تو اس پر وہ بات کریں گے، اگر نہیں تو پھر ان شاء اللہ ان کو دوبارہ موقع نہیں دیا جائے گا۔ مسٹر محمود احمد خان بٹنی صاحب، اس سے پہلے بھی آپ کا نام پکارا گیا تھا لیکن آپ نہیں تھے، اب اس دفعہ آپ موجود ہیں۔

جناب محمود احمد خان: جناب سپیکر، ستاسو مهربانی او شکریه ادا کوؤ چې په بجټ باندې مو د خبرو موقع راکړه۔ اصل کښې تاسو خو لږ شان هاؤس چیئر کړئ او بیا هغې نه بعد چیئرمین صاحب راشی، بیا هاؤس کښې د حکومت والا د کورم نشاندهی اوکړی، بیا مونږ ته ډیر افسوس راشی چې کم از کم په بجټ کښې حکومت والو ته نه دی پکار چې د کورم نشاندهی اوکړی، بهرحال د بجټ حوالې سره دوه درې، څلور خبرې کوم۔ که کامران صاحب وی که اشتیاق صاحب وی، Multi Sectoral Development, page No. 255, ADP No. 1080 / 190446. په ډیکښې باره ډسټرکټس ته لیز شوے وو جناب سپیکر، په ډیکښې ډسټرکټ ټانک هم وو خو د ګیاره ډسټرکټس د پاره د پی اینډ ډی ګائیډ لائن یو شے وو او د ډسټرکټ ټانک چې کله نمبر راغلو، هغې د پاره ډی ډی سی کیدله، یو کال نه بعد، که منسټر صاحب د دې وضاحت اوکړی، هغه ګائیډ لائن

چینج شو۔ دلته چې مونږ راځو دغه هاؤس ته او دا دومره لویه جرګه چې ده، که دیکښې اپوزیشن وی او که دیکښې حکومتی ممبر وی خو ممبر ممبر وی، هر څوک خپله حلقه لری، مونږ په دې نه پوهیږو، دلته زمونږ ملګری خبره اوکړی، هغه بله ورځ د دیر ایم پی اے صاحب چې مونږ نه په وفاق کښې که فنډ بندوی، د ګیس حوالې سره، د واپډا حوالې سره نو مونږ بالکل ملګرتیا ورسره کوؤ، چانه هم نه ویریږو، چې د کومې حلقې ایم پی اے وی، هغه د هغه حق دے خو لیکن بیا دا ظلم مونږ سره هم کیږی چې هلته Un-elected کسانو ته هغه فنډ ورشی۔ اول خو د یولس (11)ډسټرکټس د پاره یو ګائیډ لائن دے او چې زما د ډسټرکټ نمبر راغلو نو هغې د پاره ګائیډ لائن چینج شو، که منسټر صاحب د دې وضاحت اوکړی، خیر دے مونږ مجبوری پیژنو خو کم از کم د دیوار سره به مو دې نه لګوی۔ دویمه خبره د هیلتھ ایمرجنسی حوالې سره ده، زما په ډسټرکټ ټانک کښې یو کیټیګری سی هسپتال دے، دلته په هغې باندې د ایف آر هم بوجھ دے او د ساؤتھ وزیرستان هم بوجھ دے، تاسو په Page No. 29 باندې دو لاکھ پانچ هزار، 725 بلین فنډ ایښودلے دے، زمونږ دا ریکویسټ دے چې تاسو کوم په پرائیویټ پارټنرشپ کښې د عماخیل هسپتال اچولے دے، مونږ ئے Appreciate کوؤ خو دا کوم چې د ټانک ډسټرکټ هسپتال دے، دا پکښې واچوئ یا دا Upgrade کړئ (تالیاں) چې د خلقو کومه ایمرجنسی ده، دا بنیادی څیز دے، جناب سپیکر، په دې مونږ سیاست نه کوؤ، دا زه تا ته په یقین سره وایم چې ټانک کښې چې کوم مریض هسپتال ته لاړ شی نو ورته اولیکی چې Refer to D. I. Khan، که د چا په سترګه هم درد وی، که د چا سر هم خوګیږی، زه په دې نه پوهیږم چې څلور کاله On the record خبره کوؤ چې دا څنګه هیلتھ ایمرجنسی ده؟ په ټانک کښې تر اوسه پورې یو هسپتال دے، هغه هم برابر نه شو۔ جناب سپیکر، چې ایم ایس سره خبره کوؤ، ډی ایچ او سره خبره کوؤ، دومره اوږده اوږده کهانی به درته شروع کړی چې لس کاله که مونږ دلته تیر کړو، هغه کهانی نه ختمیږی۔ مونږ دا ریکویسټ کوؤ چې حکومت ستاسو په لاس کښې دے، حکومت تاسو سره دے، مونږ به تجاویز درکوؤ، منل یا نه منل د دوئ اختیار دے خو ظلم زیاتے او جبر دا تر یو حده پورې وی، بیا ختم شی۔ مونږ دا ریکویسټ

کوڅ چې دا کوم د ټانک هسپتال او خاص کر د ډاکټرانو چې کومه مسئله ده، بل دا پرائیویټ پارټنرشپ په دېکښې هم اوکړئ یا ئے Upgrade کړئ یا ډاکټران ورکړئ چې دا ظلم او زیاتے دے، کم از کم ډسټرکټ ټانک یو هسپتال دے، دا د ایف آر پلس ساؤتھ، دا ټول مریضان دلته وی چې سبا مونږ چاته خبره کولے شو چې مونږ دا آواز اوچت کړے وو۔ څلور کاله زمونږ په ریکارډ ده، په هر بجټ کښې مونږ دا خبره کړې ده، مونږ وایو چې په ټولو ضلعو کښې دې Upgrade شی، هنګو کښې Upgrade کیدې شی، ټانک کښې ولې نه شی Upgrade کیدے؟ په شانګله کښې Upgrade کیدې شی نو په ټانک کښې ولې نه شی Upgrade کیدے؟ *(تالیاں)* د دې د پاره چې مونږ د اپوزیشن ممبران یو، مونږ د اپوزیشن دې غړو سره په هیلتھ، ایجوکیشن او په اوبو دا درې داسې څیزونه دی چې په دې سیاست نه دی کول پکار۔ جناب سپیکر، زه تاسو ته دا ریکویسټ کوم چې منسټر صاحب دې دا شے ځان سره نوټ کړی چې کم از کم دا زیاتے دې زمونږ ټانک ډسټرکټ سره نه کیږی۔ زمونږ د لوکل ګورنمنټ منسټر صاحب هم راغلو، ده ته هم پته ده چې دا کوم ډیویلپمنټ دے او دغه ټانک هسپتال چې د کوم مونږه خبره اوکړه۔ دویم ریکویسټ دا دے چې په پورا اے ډی پی کتاب کښې د سی اینډ ډبلیو په نوم په ټانک کښې یو روډ هم نشته، مونږ دا ریکویسټ کوڅ چې خیر دے که حکومت والا پچیس پچیس، پچاس پچاس یا ساټھ ساټھ کلومیټر جوړوی خو کم از کم د اپوزیشن د حلقو چې کوم هم ممبران دی، په Need basis باندې، مونږ نه دې پښتنه نه کیږی خو کم از کم دوه یا درې کلومیټر چې خالی هغه نوم خو ئے وی، چې هغه مسئله خو مونږ چاته وئیلے شو، هغه اے ډی پی کښې لکه څنګه پرون فاټا والا خبره اوکړه چې زمونږ خلق په تقریر باندې نه دی چې تقریر اوکړی او دلته دا خبرې اوکړی، اصل خبره دا ده چې ته په Need basis په موقع باندې ته څه شے ورښکاره کړه، منسټر صاحب ته مونږ دا ریکویسټ کوڅ چې تاسو مهربانی اوکړئ چې که تاسو په دې باندې توجه ورکړئ، په ټانک کښې د Beautification fund دے، درې څلور کاله اوشو تر اوسه پورې یو پراجیکټ نه دے مکمل شوے۔ جناب سپیکر، مونږ دا وایو چې کم از کم دا کوم کارونه چې روان دی، دا مکمل شی، دا د هرې حلقې

مسئله ده، د ټولو ممبرانو مسئله ده چې کم از کم هر چاته خپل حق اورسي. جناب سپيکر، دلته په هاؤس کښې مونږ د سی اینډ ډبلیو په حوالې سره خبره کړې وه، د کیریانی پل باندې مونږ په 2013ء کښې کال اټنشن هم راؤړلے وو، شروع ئے شوې ده، اوس 2022ء شو، د ایک کروړ روپو پراجیکټ وو، تر اوسه پورې هغه جوړ نه شو نو مهربانی اوکړئ. جناب سپيکر، بل اهم خبره دا ده چې په پورا صوبه کښې فنانس ته Re-appropriation شوے دے، Punching نه کیږی، هغه خلقو ته کیږی، هغه منسټرانو ته کیږی، Selected کسانو ته کیږی، ولې دا صوبه صرف د منسټرز، Selected MPAs د پاره ده؟ *(تالیاں)* نو ولې دا بند ده؟ د دې وضاحت دې اوشی چې آیا دا بند ده، دا چاته پیسې ورکوی، څومره ریلیز شوے دے، نه دے شوے؟ جناب سپيکر، دا نه ده پکار چې یو سره یوه روپه او بل سره بله روپه، لوکل گورنمنټ منسټر ناست دے، د ده ورور پرون زما په ډسټرکټ ټانک کښې د اسسټنټ ډائریکټر په آفس کښې آرډرونه وو، زه د منسټر صاحب توجه غواړم چې دے ماله جواب راکړی، زما د اسسټنټ ډائریکټر آفس کښې آرډرونه وو-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تاسو خبره کوئ.

<u>جناب محمود احمد خان</u>: چې د اے ډی آفس کښې آرډرونه وو جناب سپیکر، پچپن کلاس فور وو، هغې کښې د دوئ Unelected، منسټر صاحب ته----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تاسو په بجټ تقریر اوکړئ، کلاس فور باندې مه کوئ جی.

<u>جناب محمود احمد خان</u>: جناب سپيکر، دا د بجټ حوالې سره د لوکل گورنمنټ خبره ده جی، آرډرونه لس اوشو، شل اوشو، مونږ پرې انکار اونکړو، دوئ اے ډی خپل کورته غوښتلے وو، د ده ورور ته ورغلے وو، هلته ئے کښېنولو، شپږ گهنټې اته گهنټې ئے کښېنولو، په هغه باندې ئے آرډرونه اوکړل، په هغې کښې ئے لیکلی دی چې د منسټر په D.O letter باندې ماته دې دا هاؤس اووائی، دا ټول ممبران دې اووائی چې د منسټر په D.O letter باندې آرډر کینسل کیږی، یو آرډر شوے وو او د ده ورور اے ډی کورته غوښتلے دے او په کور کښې ئے کښېنولے دے او په زور ئے آرډرونه پرې کړی دی. جناب سپيکر، دا د کوم ځائې انصاف دے،

دا د کوم ځائې قانون دے چې تاته زه آرډر در بنکاره کوم او اے ډی لیکلی دی چې دD.O letter of the Minister for Local Government، جناب سپیکر،-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: محمود صاحب، تاسو په بجټ باندې خبره اوکړئ۔

<u>جناب محمود احمد خان</u>: دلته دې هاؤس ته ټول ممبران راغلی یو، دا نشته چې ته منسټر ئې او حکومت درسره دے، زه ستا ظلم او زیاتے نه منم۔ جناب سپیکر، په اوبو کښې، په Lease development tube well کښې Unelected کسان ګرځی، د دغه خلقو د پارټو والا کسان ګرځی، په سات سات او په دس دس لاکھ ئے خرڅوی، دا انصاف دے؟ ستاسو حکومت ناکامه حکومت دے، دا ستاسو په انصاف کښې (تالیاں) جناب سپیکر، دا خبره په دې باندې نه خلاصیږی چې دلته مونږ دا ممبران راغلی یو او په دې خبرو به مونږ دباؤ کړئ چې تاسو پارټئ وائی، تاسو دلته خبرې کوئ، چې Unelected کسانو ته فنډ ورکوئ، زما په ډسټرکټ کښې زه ایم پی اے یم، زما د تحصیل میئر، زما دا ایم این اے، تاسو Unelected ته ورکړل، فروخت مو کړل، سل کلی مو فروخت کړل، ماسره ثبوت موجود دے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، وخت تیر شو، څلور کاله په دې هاؤس کښې او نهه کاله اوشو چې مونږ په اپوزیشن کښې تیر کړل خو مونږ دا وایو چې کوم ظلم او زیاتے چې روان دے، دا دې نه کیږی۔ زه ستا ډیره شکریه ادا کوم، په آخر کښې ئے په یو شعر باندې ختموم:

نن که ډیر ظلمونه اوکړې زما قبول دی
خو اخر به جوړ تاوان شی بیا به ژاړې
بادشاهی کړه نن د حسن په تخت ناست ئې
بادشاهان به ملنګان شی بیا به ژاړې
زه خو په پټه خله ګرځم وایم خیر دے
خو حساب به په میدان شی بیا به ژاړې

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ میں Last time یہ نام پکار رہا ہوں۔ (قطع کلامی) Order in the House، خاموش، اشتیاق ارمڑ صاحب، آپ اپنی سیٹ پر بیٹھیں اور باتیں نہ کریں، اشتیاق ارمڑ صاحب، آپ اپنی سیٹ پر صحیح بیٹھیں اور باتیں نہ کریں۔ یہ نام جو میں پکار رہا ہوں، اس کے بعد میں Next time نہیں پکاروں گا۔ صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب، موجود نہیں، مسٹر اختیار ولی خان صاحب، Order in the House.

(تالیاں)

جناب اختیار ولی: اَعُوذُ بِاَللهِ مِنَ اَلشَّیطَـٰنِ اَلرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ آنریبل سپیکر صاحب، بہت شکریہ کہ آپ نے اس بجٹ پر بات کرنے کی Opportunity دی، وقت کم اور بات لمبی ہے، کوشش کروں گا کہ اس کو مختصر رکھوں۔ شروعات ہوتی ہیں اس Title سے، اس پر بڑا بڑا لکھا گیا ہے کہ خوددار بجٹ، "خوددار خیبر پختونخوا"، یہاں پر ہمارے ایک وزیر بھائی بیٹھے ہوئے تھے، میں اس کو اکثر پپو منسٹر کہتا ہوں، وہ کہتا ہے کہ میں خوددار کی Definition کرتا ہوں، آپ کا کیا خیال ہے کہ ہمیں نہیں پتہ کہ خودداری کیا ہوتی ہے؟ سن لیں اور یاد رکھیں کہ آج سے ایک سال قبل آپ کے وزیر خزانہ نے جو بجٹ پیش کیا تھا، اس کی کاپی بھی میں ساتھ لایا ہوں جس پر لکھا ہوا تھا Resurgent، ایک سال میں Resurgent کا مطلب یہ ہے کہ دوبارہ پیدا ہو گیا، دوبارہ جنم لے لیا، ایک سال میں جنم لینے والے کو یہ خوددار کہتے ہے، مان لیا، ہمیں آپ کی Definition کی ضرورت نہیں ہے لیکن خیبر پختونخوا کے لوگوں کی تاریخ گواہ ہے کہ یہاں کا بچہ بچہ، بچے اور جوان کو چھوڑو، یہاں کی مائیں، بہنیں، بہو اور بیٹیاں بھی خوددار ہیں، اس صوبے کے خودداروں کے ساتھ آپ نے کیا کیا ہے؟ آپ کو کچھ اندازہ ہے، جس بجٹ پر آپ بغلیں بجا رہے ہیں، یہ آپ کی حکومت ہے، ہمیں آپ سناتے ہیں کہ مہنگائی ہو گئی ہے اور دو مہینوں میں مہنگائی ہو گئی ہے، یہ چیز مہنگی، جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے آج اسمبلی فلور پر ان کو یہ معاہدہ پیش کرتا ہوں، یہ IMF کے ساتھ طے شدہ وہ معاہدہ ہے جو عمران خان کی حکومت نے دستخط کیا تھا، اس میں لکھا تھا کہ پٹرول دو سو ساٹھ (260) روپے لیٹر، بجلی پچاس اور ساٹھ روپے مہنگی، گیس مہنگی، یہ ساری شرائط طے کر کے آپ کہتے ہو کہ موجودہ حکومت نے دو مہینے میں مہنگائی کر دی ہے اور کمال کے لوگ ہیں، بڑے کمال کے، باکمال لوگ ہیں، سنتے تھے کہ "باکمال لوگ اور لاجواب سروس"، یہ وہی قسم کے لوگ ہیں۔ جناب سپیکر، یہاں پر ایک وزیر صاحب نے کھڑے ہو کر بتایا کہ FATF پر یہ ہماری پالیسی تھی

اور ہماری گورنمنٹ کی کامیاب پالیسی تھی کہ ہم Gray list سے دو مہینوں میں واپس نکل رہے ہیں، دو مہینوں میں آپ یہ کمال تو کر سکتے ہو کہ آپ کی حکومت ختم ہو گئی ہے، آپ کہتے ہیں کہ آپ Gray list سے نکل رہے ہیں تو پھر میں اپنے اپوزیشن کے دوستوں کی اجازت کے ساتھ ان کو یہ کریڈٹ دینا چاہتا ہوں کہ لے لو یہ کریڈٹ لیکن پھر یہ کریڈٹ بھی لے لو، یہ Debt بھی آپ کے ذمے پڑے گا کہ آج پٹرول مہنگا ہے، وہ بھی آپ کی وجہ سے، بجلی مہنگی ہے وہ بھی آپ کی وجہ سے، گیس مہنگی ہے تو وہ بھی آپ کی وجہ سے مہنگی ہے۔ آج اگر مزدور بے روزگار ہے، روٹی مہنگی ہو گئی ہے تو سب سے پہلے یہ کریڈٹ بھی آپ لے لیں، آپ نہیں لو گے تو ہم یہ طوق آپ کے گلے میں بزور ڈال دیں گے کیونکہ اس کا ذمہ دار اور کوئی نہیں ہے۔ یہاں پر میں نے کل بڑا اچھا ایک نظارہ دیکھا جناب سپیکر، بڑا اچھا ایک نظارہ دیکھنے کو ملا، میرے بھائی یہاں پر کھڑے ہوئے شفیق صاحب، نصیر وزیر صاحب اور پھر غزن صاحب، غزن کے بعد میرے ایک اور دوست جو منسٹر صاحب ہیں، وہ ابھی بھی مجھے دیکھ دیکھ کر مسکرا رہے ہیں، کل میں نے انور زیب صاحب کی فریاد سنی ہے، میں ان کی آنسوؤں کو بھی پونچھنے لگا تھا، آج میں سمجھتا ہوں کہ جو بات ہم کر رہے تھے، یہ کل کی تقریریں ہماری باتوں کی تصدیق تھیں اور اس کی دلیل تھیں، ہم کہتے تھے کہ یہ لوگ غلط راستے پر چل رہے ہیں۔ جناب سپیکر، یہ اس کا Title ہے، یہ تحریک انصاف کی حکومت کا، یہ اور کچھ نہیں ہے، کچھ بھی نہیں ہے، This is just آپ نے Online shopping کا سنا ہو گا جو بڑا خوبصورت ایک Title دے دیتے ہیں، بڑی اچھی آپ کو منظر کشی کر دیتی ہے کہ یہ ایسا ہے ویسا ہے، سارا پالش لگا کر آپ آرڈر کرتے ہیں، جب آپ کے گھر Delivery ہوتی ہے، سامان جب کھولتے ہیں تو بندہ کہتا ہے کہ اپنے سر پر کیا ماروں۔ جناب سپیکر، یہ Title بیچتے ہیں، Resurgent نیا پختونخوا، نیا پاکستان، مدینے کی ریاست، دو نہیں ایک پاکستان، اب یہ نیا خوددار خیبر پختونخوا، خدا کے بندو، Title سے نکلو، سوشل میڈیا کی دنیا سے باہر نکلو، زمینی حقائق دیکھ لو، مریخ کی باتیں چھوڑ دو، چاند کی باتیں چھوڑ دو، آ جاؤ اس صوبے کی بات کرو، پشاور کی بات کرو، سوات کی بات کرو، ہزارہ کی بات کرو، ڈی آئی خان کی بات کرو اور سب سے زیادہ اس صوبے کے مظلوم طبقے، مظلوم اضلاع اور معصوم لوگ قبائلی اور تمام قبائلی اضلاع کی بات کرو، جن کے ساتھ اب آپ نیا کھلواڑ کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر، وزیر خزانہ صاحب کو آج اپنی سیٹ پر ہونا چاہیئے تھا جو کہتے ہیں کہ مرکز نے ان کے صحت کارڈ کا پیسہ رکھ لیا ہے، او بھائی، ہم کوئی تمھیں بیوقوف لگتے ہیں، ہم کوئی تمھیں اتنے نادان لگتے ہیں یا یہ قبائلی اضلاع کے لوگ تمھیں کوئی اتنے سادہ لگتے ہیں، اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد

تمام مالیاتی اختیارات آپ کے پاس ہیں، ہیلتھ کے پیسے آپ کے پاس، ایجوکیشن کے پیسے آپ کے پاس، سڑک کے پیسے آپ کے پاس، پولیس کے پیسے آپ کے پاس، ایریگیشن، پبلک ہیلتھ، لوکل باڈیز، کونسی ایسی مد ہے جس کے مالیاتی اختیارات آپ کے پاس نہیں ہیں؟But simple is thisجناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے ان دوستوں کو کہنا چاہتا ہوں کہ جھوٹ مت بولیں، منافقت بری چیز ہے، جناب سپیکر، میں پوچھتا ہوں کہ آپ کو این ایف سی ایوارڈ میں کتنا پیسہ ملا؟ چار سال آپ کی حکومت رہی، سرتاج عزیز کی رپورٹ کے بعد جبMergerہوا تو ایک سو دس(110)ارب روپے سالانہ قبائلی اضلاع کو ملنے تھے، آپ نے کتنے وصول کئے، کیا کیا، کہاں لگائے؟ ہمارے جو منتخب نمائندے ہیں، ان کو چھوڑ کر آپ نے کسی اور کے ہاتھ وہ پیسے لگانے کی کوشش کی، ابھی آپ کہتے ہیں کہ صحت کارڈ میں ہم پیسے نہیں دیں گے، یاد رکھیں، میں نے آپ کو پہلے بھی کہا تھا کہ حالات بدلتے ہیں، وقت کا پہیہ گھومتے زیادہ دیر نہیں لگتی، دو مہینے پہلے، تین مہینے پہلے میں نے ان کو کہہ دیا تھا کہ جہاں تم کھڑے ہو وہاں ہم ہوں گے، جہاں ہم ہیں یہاں تم ہوں گے، شاید یہاں بھی نہ ہو، یاد رکھو، مرکز کی حکومت آپ کی ختم ہو گئی، پنجاب کی حکومت تمھاری چلی گئی، سارے ملک، فیڈرل میں حالات چینج ہو گئے، اب تبدیلی کا ادھر سے بھی رخت سفر باندھ دیا جائے گا، پھر کیا کرو گے، عوام میں جاکر کس کو منہ دکھانے کے لائق رہو گے؟ جھوٹ مت بولو اور سیدھی بات کرو، آ جاؤ، جو زمینی حقائق ہیں ان پر بات کرو، مجھ سے پوچھتے ہیں تو میں آپ کو بتاؤں گا، سب سے پہلے میں اس جماعت کا کارکن ہوں، مجھے اس پر فخر ہے کہ ہم نے قبائلی اضلاع کو امن کا تحفہ دیا، اس کے بعد سب سے پہلے درہ آدم خیل میں یونیورسٹی بنا کر دی جو آج بھی چل رہی ہے، آج سے ایک مہینہ قبل وزیراعظم صاحب گئے، وزیرستان میں یونیورسٹی کا اعلان کر کے آئے ہیں، آپ نے قبائل کو کیا دیا؟ ما سوائے اس کے کہ آپ نے ان کے حقوق چھینے، آپ نے ان کو جو پچیس ہزار نوکریاں دینی تھیں وہ نہیں دیں، آج بھی قبائل کے پاس پینے کا پانی نہیں ہے، مردوں کو غسل دینے کا پانی نہیں ہے اور بات کرتے ہیں کہ ہم انقلاب لائیں گے، نیا پختونخوا بنائیں گے؟ بھاڑ میں، یہ کیا بنائیں گے، ان کے پاس کوئیVision نہیں ہے، کوئی پروگرام نہیں ہے۔ جناب سپیکر، اگر میں بلدیات کے فنڈ کی بات کروں تو اس پر انہوں نے پندرہ ارب روپے کا کٹ لگا دیا، اگر آپ نے ناظموں کے پر کاٹنے تھے، اگر آپ نے ان کی دم کاٹنی تھی، آپ نے ان کو اڑنے نہیں دینا تھا تو پھر یہ الیکشن کرانے کی ضرورت کیا تھی؟ آپ نے جو گزشتہ الیکشن کیا ہے، ایک ایک ارب روپے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Wind up کرو جی، آپ کا ٹائم Over ہو گیا، جی Windup کریں۔

جناب اختیار ولی: چار دن انتظار بھی کرایا ہے جناب سپیکر، میں Windup کرتا ہوں، اگر یہ حالات ہوں کہ یہ لوگ بلدیاتی الیکشن میں ایک ایک ارب روپے ڈال سکتے ہیں، ایک ایک تحصیل کونسل میں الیکشن جیتنے کے لئے تو پھر ان کو چاہیئے کہ یہ قبائل کو بھی ان کا حق دیں۔ میں ان کی اے ڈی پی لایا ہوں، میں آخری آئٹم پر آتا ہوں، اس میں ہمارے اپوزیشن کے سارے حلقے Bypass، یہ جتنے اپوزیشن کے لوگ بیٹھے ہیں، ان لوگوں کو Bypass کیا ہوا ہے، اس کو Discrimination کہتے ہیں، آپ نے اپوزیشن کو چار سال سے۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you.

جناب اختیار ولی: دو سالوں سے میرے حلقے میں امان گڑھ میں ابھی تک لڑکیوں کے پڑھنے کا سکول نہیں ہے، نالیاں خراب، سڑکیں خراب، کہاں سے یہ ٹھیک ہوگا اور جہانگیرہ میں جو یہاں سے تحریک انصاف کے ایم پی اے ہیں، ان کے اپنے حلقے میں بھی لڑکیوں کا سکول نہیں ہے، بچیاں کہاں پڑھنے جائیں گی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: Thank you very much۔ مس مدیحہ نثار، ایم پی اے، تمام خواتین سے گزارش ہے کہ اپنی سیٹوں پر بیٹھیں، اس لئے کہ جن کا نام پکارا جاتا ہے، کوئی بھی اپنی سیٹ پر نہیں ہوتا۔

محترمہ مدیحہ نثار: جی بہت شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ ابھی میرے معزز بھائی وہاں سے بول رہے تھے کہ ہمارا جو بجٹ اس بار پیش کیا گیا ہے، اس میں ڈی آئی خان اور جنوبی اضلاع کے لئے کچھ نہیں ہے، ہمارے اضلاع اسی طرح پسماندہ رہیں گے تو میں اپنی تقریر کو تھوڑا سا بریف رکھوں گی، میں صرف جنوبی اضلاع کے بارے میں بات کروں گی کیونکہ میرا تعلق خود جنوبی اضلاع سے ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں بات کروں گی اس بجٹ کی حوالے سے اور اپنے وزیراعلیٰ کے حوالے سے کہ جب بھی جنوبی اضلاع کی بات ہوتی ہے تو ہمارے وزیراعلیٰ صاحب نے خود کو خیبل وزیراعلیٰ نہ صرف کہا ہے بلکہ ثابت کیا ہے کہ اس سے پہلے جو بھی Tenures گزرے ہیں، ان میں جنوبی اضلاع کو ہمیشہ کے لئے پسماندہ رکھا گیا ہے، ان کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی لیکن اس بجٹ میں جنوبی اضلاع کو خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ میں کچھ چیدہ چیدہ پوائنٹس بتاؤں گی۔ جناب سپیکر، سب سے پہلے میں آتی ہوں ڈی آئی خان موٹروے کی طرف، جس کی اگر میں بات کروں تو یہاں پر بہت سے بھائیوں کو پتہ ہوگا کہ اس وقت ڈی آئی خان سے جو موٹروے ہے یا یہ جو راستہ ہے وہ کس قدر خستہ حال ہے لیکن ہمارے وزیراعلیٰ صاحب کی خصوصی توجہ رہی ہے، ان شاءاللہ اس پراجیکٹ کے بعد آمدورفت کے جو بھی مسائل ہیں وہ حل ہو جائیں گے اور عوام آمدورفت کے

حوالے سے اب تک جن مشکلات کا سامنا کرتے رہے ہیں، ان کے لئے آسانی ہو گی۔ پھر دوسرا جو مین پراجیکٹ ہے، وہ ہے چشمہ رائٹ بینک کینال، جنوبی اضلاع ہمیشہ سے آپ لوگوں کو پتہ ہے کہ ادھر زیادہ تر زمینیں بنجر ہیں، خشک آب وہوا ہے، اس چشمہ رائٹ بینک کینال کی وجہ سے فصلوں کو سیراب کیا جائے گا، وہاں پر خوشحالی آئے گی۔ اس وقت جو بجلی کا Shortfall ہے وہ بھی حد سے بہت زیادہ، وہاں اس چشمہ رائٹ بینک کینال کے پاور ہاؤس بننے سے وہ بھی کم ہو جائے گا۔ وہاں جنوبی اضلاع میں پانی کے بعد جو سب سے Main issue ہے وہ صحت کا ہے، اس بجٹ میں تین نئے ہسپتالوں کا وعدہ کیا گیا ہے، تین Different regions میں ایک نیا ہسپتال جنوبی اضلاع میں بھی بنانے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بنوں، میران شاہ اور غلام خان کے جو روڈز ہیں، ان کو Improve کرنے کی لئے بھی نو(09) ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ اب بات کرتے ہیں Women empowerment کی، جناب سپیکر، میں اپنے فنانس منسٹر کی اس بات کو Appreciate کروں گی کہ انہوں نے پچھلی بار بھی Women empowerment پر Consensus کر کے ہم سے تجاویز لیں اور انہوں نے اس چیز پر توجہ دے کر Consider بھی کیا اور ان چیزوں کو بجٹ میں Include کیا اور Same اسی طرح اس سال بھی ہوا اور جو بھی Different steps لیے گئے ہیں Women empowerment کے لئے، انہوں نے باقی اضلاع کے ساتھ ساتھ ڈی آئی خان میں ایک ماڈل ووکیشنل سنٹر بھی بنانے کا وعدہ کیا ہے۔ جناب سپیکر، اب میں محکمہ اعلیٰ تعلیم کی طرف آؤں گی، خیبر پختونخوا کے جو دیگر علاقے ہیں جہاں پر Universities sub-campuses ہیں، ان کو Upgrade کر کے مکمل یونیورسٹی بنانے کا وعدہ کیا گیا ہے، ان میں میں جنوبی اضلاع کی بات کروں تو ڈی آئی خان اور ہنگو دو ایسے شہر ہیں جہاں پر یونیورسٹیز کے Sub campuses ہیں، ان کو Upgrade کر دیا جائے گا۔ Motorway Rescue Services کے قیام میں بھی جنوبی اضلاع کو ترجیح دی گئی ہے اور اس میں جو Different علاقے ہیں اور جو Different roads ہیں، ان کو Include کیا گیا ہے۔ اب اگر پولیو فری پاکستان کے حوالے سے بات کریں تو اس میں ڈی آئی خان اور بنوں کو ترجیح دی گئی ہے کیونکہ یہ دو علاقے ہیں جو ابھی بھی پولیو سے پاک نہیں ہیں، اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ وہاں پر صاف پانی نہیں ہے، اس کے لئے ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ جناب سپیکر، اس سے پہلے بھی میں ہسپتالوں کی خستہ حالی کی بات کر چکی ہوں کہ وہاں جنوبی اضلاع میں صحت کا مسئلہ ہے، ہسپتالوں کا مسئلہ جو کہ گھمبیر ہے، اس بجٹ میں ہسپتالوں کی Up gradation اور تزئین وآرائش

کے لئے پیسے مختص کئے ہیں، اس میں جنوبی اضلاع کو بھی باقی چیزوں کی طرح ترجیح دی گئی ہے اور اس میں ڈی ایچ کیو کرک، بنوں، ڈی آئی خان، ٹانک، کرم، اورکزئی، نارتھ وزیرستان، ساؤتھ وزیرستان، ہنگو اور لکی مروت ان سب کو Priority پر رکھا گیا، ان کے لئے پیسے مختص کئے گئے ہیں۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ لاء منسٹر صاحب اور کامران بنگش صاحب، آپ دونوں فنانس منسٹر صاحب کو ڈھونڈ کر ادھر لائیں، ان کو ادھر ہونا چاہیئے کیونکہ ان کی Windup speech ہے اور دو بجے ہمارا ٹائم تھا، سوا تین ہو گئے لیکن وہ ابھی تک نہیں آئے۔

<u>جناب کامران خان بنگش (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم)</u>: جناب سپیکر، وہ 3:45 بجے تک پہنچے گا۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نہیں، اس طرح کریں، کسی منسٹر صاحب کو ان کے پیچھے بھیج دیں اور ان کو کہیں کہ یہ آپ کے لئے Important day ہے اور آپ موجود نہیں۔

(تالیاں)

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: سر، میں نے ابھی ان کے ساتھ بات کر لی ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: مس آسیہ صالح خٹک صاحبہ، اقبال وزیر صاحب، آپ بیٹھ جائیں، ایک منٹ، آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں، اس طرح نہیں ہوتا۔ مس آسیہ صالح خٹک صاحبہ، موجود نہیں، مس عائشہ بانو صاحبہ، موجود نہیں۔ مسٹر شفیق شیر آفریدی صاحب کا مائیک On کریں۔

<u>جناب شفیق آفریدی</u>: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے میں اپنی تقریر ایک شعر سے شروع کرنا چاہتا ہوں:

حقیقت چھپ نہیں سکتی بناوٹ کے اصولوں سے
کہ خوشبو آ نہیں سکتی کبھی کاغذ کے پھولوں سے

تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے کہ پچھلے دنوں میں کچھ بیماری کی وجہ سے یہاں نہیں آ سکا، میرے جو آنریبل پارلیمانی لیڈر ہیں اور میرے کزن بھی ہیں، بلاول آفریدی صاحب نے ایک سپیچ کی تھی اور اس سلسلے میں میں بہت معذرت کے ساتھ، بہت افسوس کے ساتھ یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس کے Reaction میں ہمارے بہت سارے آنریبل منسٹر صاحبان نے اور Specially ہمارے New merged districts کے زیادہ تر ایم پی ایز نے ان کا مذاق اڑایا، تو میں شدید الفاظ میں اس کی مذمت کرتا ہوں۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں ایک حدیث شریف بیان کرتا ہوں کہ "آپ چھوٹوں پر

شفقت کریں، بڑوں کی عزت کریں" میں اپنے جتنے بھی حکومتی بنچز کے اراکین ہیں، ان کو یہ میسج دینا چاہتا ہوں کہ برائے مہربانی آپ اخلاقیات کے دائرے میں رہیں، بے شک آپ اس کو Implement نہ کریں لیکن ان کی باتیں سنیں کیونکہ ایک تو ان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ہمارے پوری پارلیمنٹ کا سب سے چھوٹا، کم عمر ترین پارلیمنٹیرین ہے، اس وجہ سے ہم سب کو اس کی عزت کرنی چاہیئے۔ جناب سپیکر، اب میں بجٹ کے حوالے سے آتا ہوں۔ الحمد للہ ہماری صوبائی حکومت نے (1332) تیرہ سو بتیس ارب روپے کا بجٹ پیش کیا ہے، اس میں Settled اضلاع کے لئے (1108) گیارہ سو آٹھ ارب اور ہمارے ضم شدہ اضلاع کے لئے انہوں نے (232) دو سو بتیس ارب روپے مختص کئے ہیں جس میں کرنٹ بجٹ (913) نو سو تیرہ ارب روپے، اس میں ضم شدہ اضلاع کے لئے (124) ایک سو چوبیس ارب روپے لکھا ہے، میں اللہ تعالیٰ سے دعاگو ہوں کہ جس نیت پر آپ لوگوں نے یہ بجٹ بنایا ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو طاقت اور ہمت دے کہ ان کو Implement کرایا جاسکے۔ جناب سپیکر صاحب، مجھے اس بات پر بہت افسوس ہوتا ہے، اگر آپ دیکھیں تو آپ لوگوں نے ہمارے جتنے بھی پیسوں کی مد میں Calculation کی ہے، آپ لوگوں نے ایک سٹار لگایا ہوا ہے، سٹار کی میں ذرا وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ سٹار اس کو کہتے ہیں کہ یہ رقم ضم شدہ اضلاع کے لئے Funded ہے جبکہ باقی Committed funding دوسرے صوبوں یا وفاق کی طرف سے ضم شدہ اضلاع کے لئے ہے لیکن یہ فنڈ منتقل نہیں ہوتا جناب سپیکر، اس کا یہ مطلب ہوا کہ ہمارا (124) ایک سو چوبیس ارب روپے جو کرنٹ بجٹ ہے وہ اگر ہم ہنسیں یا روئیں، وہ تو ہم نے Pay کرنا ہے کیونکہ (124) ایک سو چوبیس ارب روپے میں پچہتر (75) ارب روپے صرف ہماری Salaries کے بنتے ہیں، اس میں ایک ارب روپے ہماری پنشن کے بنتے ہیں، سینتالیس (47) ارب روپے انہوں نے ہمارے دیگر اخراجات کے لئے Allocate کئے ہیں، جب ہمیں یہ سات ارب ملیں گے تو یہ اور پیسے ہم کہاں سے ان کے لئے Pay کریں گے؟ اس پر سوچنا پڑے گا۔ جناب سپیکر صاحب، میں سب سے پہلے کرنٹ بجٹ پر آتا ہوں، ترقیاتی بجٹ کو چھوڑیں، اگر ہم یہ نہیں کر سکتے، ان کو پورا نہیں کر سکتے تو یہ دوسرا ہمارا ترقیاتی بجٹ ہم کہاں سے لے کر آئیں گے؟ آپ ہمیں Newly merged districts کے لئے کہاں سے ترقیاتی فنڈ دیں گے؟ دوسری بات، اس میں لکھا گیا ہے کہ جو ترقیاتی فنڈ ہے وہ کہاں سے آتا ہے؟ یہ تقریباً آپ لوگوں نے Calculate کیا ہے وہ چار سو انیس (419) ارب روپے ہیں، اس میں چار سو انیس (419) ارب روپے Settled area کے لئے اور ننانوے (99) ارب روپے ضم شدہ اضلاع کے

لئے، جس میں چونسٹھ (64)ارب روپے متوقع ہیں۔اس میں آپ لوگوں نےMention کیاہے کہ یہ تقریباًایک سوپچاسی (185)ارب روپے بشمول ضم شدہ اضلاع کے لئے اے آئی پی کے لئے رکھے ہوئے ہیں،اس کے ساتھ ساتھ آپ لوگوں نے لکھاہے جناب سپیکر، میں ڈسٹرکٹ اے ڈی پی پر ان بھائیوں کو ذرا سمجھاناچاہتاہوں کہ ہمیں ڈسٹرکٹ اے ڈی پی نہیں چاہیئے،وہ کیوں ہمیں نہیں چاہیئے؟ پہلے توآپ اس چیز سے اندازہ لگائیں کہ ہمارے جتنے بھی ڈسٹرکٹس اے ڈی پی فنڈز ہیں، وہ ڈپٹی کمشنرز صاحبان کے Through علاقے میں لگتے ہیں، Without any consultation with concerned MPA's or representatives،جناب سپیکر صاحب، ہم بنیاد کو دیکھتے ہیں،بنیاد کس وجہ سے ہماری خراب ہورہی ہے؟ ہماری بیوروکریسی میں کچھ اس طرح کے لوگ ابھی بھی بیٹھے ہوئے ہیں کہ وہ نہیں چاہ رہے کہ جو Merger ہواہے وہ کامیاب ہو، وہ اس کو ناکام بنانے کے لئے ان کی پے در پے کوششیں جاری ہیں اور وجہ کیاہے؟ جناب سپیکر صاحب، ہماراایک شہاب علی شاہ، اے سی ایس صاحب بیٹھا ہوا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ٹائم میں نوٹ کررہاہوں،آپ توٹائم نوٹ نہیں کررہے ہیں۔

<u>جناب شفیق آفریدی</u>: اچھا، ہماراشہاب علی شاہ صاحب جوایک وزیراعظم کی طرح بیٹھے ہوئے ہیں،اس سے ملناتوبہت دور کی بات ہے،اس کو دیکھنے میں بھی ہمیں سالوں سال لگتے ہیں۔جناب سپیکر، ہماری بیوروکریسی میں کچھ اس طرح کے لوگ ہیں، میں اپنے ضلع کی بات کرناچاہتاہوں کہ تین سال ہوگئے ہیں ہم نے مختلف سکیمیں Approve کی ہیں لیکن اس بیوروکریسی کی وجہ سے ہماری سکیمزابھی تک رکی ہوئی ہیں،وجہ کیاہے؟ وجہ یہ ہے کہ وہ اس چیز پر تلے ہوئے ہیں کہ ان کا جوپہلا حاکمانہ طرز حکومت تھاوہ ان کو دوبارہ لاناچاہتے ہیں۔جناب سپیکر، ہم ان کو بتاتے ہیں کہ خداراہم نے سکیمیں Approve کی ہیں،اس کے ساتھ ہم نے لوگوں کے لئے Land compensation منظورکیاہے لیکن وہ Without any consultation ان کی اپنی من مانیاں جاری ہیں،وہ اس چیز کے لئے تیار نہیں ہیں کہ وہ وہاں پر سیکشن فورلگائیں۔جناب سپیکر،ان کو چاہیئے کہ وہ ہماری ان سکیموں کو ضائع نہ کرنے دیں، ضلع خیبر میں میرے ریسکیو1122 کی سکیمیں آئی ہیں،ان کے لئے صرف دوکنال زمین کی ضرورت ہے لیکن اس بیوروکریسی کی وجہ سے یہ چیز ہمیں نہیں مل رہی ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ کاٹائم Over ہوگیاہے،Windup کریں۔

جناب شفیق آفریدی: جناب سپیکر، صرف ایک منٹ چاہیئے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ٹھیک ہے۔

جناب شفیق آفریدی: اس کے ساتھ ساتھ میں Clear cut اپنے سی ایم صاحب سے یہ استدعا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ مہربانی کر لیں ایک نوٹیفکیشن جاری کریں کہ جتنے بھی ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ فنڈز ہیں، ان کو آپ روک دیں، جب تک ان کے Concerned MPA's یا ان کے Concerned representatives اس میں شامل نہ ہوں۔ ایک ڈی سی جب آتا ہے تو اس ڈی سی کو دو مہینے رہنے دیں، دو مہینے میں وہ میرے ضلع کو کس طرح Facilitate کریں گے؟ وہ بیچارہ تو اپنا آفس کلرک کو بھی نہیں جان سکتا ہے کہ وہ کیا ہے؟ مہربانی کر لیں، میں سی ایم صاحب سے ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں کہ خدارا ان لوگوں کو ہمارے اوپر ختم کریں کیونکہ اگر یہ سلسلہ جاری رہا، فنڈ تو علیحدہ بات ہے، فنڈ ملتا ہے یا نہیں ملتا لیکن Implementation جب ان کے ہاتھوں میں ہو گی تو ہم سب۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔ مس انیتا محسود صاحبہ، موجود نہیں۔ جناب بہادر خان صاحب، موجود نہیں۔ جناب ظفر اعظم صاحب، موجود نہیں۔ مسز ثوبیہ شاہد صاحبہ، موجود نہیں۔ مسٹر محمد ریاض خان صاحب، موجود نہیں۔ جی مسٹر عبدالسلام صاحب۔

جناب محمد عبدالسلام: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی، یہ میں دوبارہ پکار رہا ہوں، یہ ایک دفعہ Call ہو چکے ہیں، نہیں جی، یہ سب ایک دفعہ Call ہو چکے ہیں۔

جناب محمد عبدالسلام: جناب سپیکر صاحب، زما خو Throat infection دے، ما خو ډیرې زیاتې خبرې کول نه غوښتل خو دلته کښې زمونږ یو ملګری دا سې خبرې او کړې چې هغه خبره کول ضروری ده۔ زه د خپل تقریر شروع د یو څو شعرونو نه کوم:

ے اے میرے دیس کے لوگو! تم شکایت کیوں نہیں کرتے
اتنے ظلم سہہ کر بھی تم بغاوت کیوں نہیں کرتے
یہ جاگیروں کے مالک اور لٹیرے کیوں چنے تم نے
تیرے اوپر تیرے جیسے حکومت کیوں نہیں کرتے

اے میرے دیس کے لوگو! تم شکایت کیوں نہیں کرتے
یہ بھوک افلاس تنگدستی تمہارا ہی مقدر کیوں
مقدر کو بدلنے کی جسارت کیوں نہیں کرتے
یہ بھوک افلاس تنگ دستی تمھارا ہی مقدر کیوں
مقدر کو بدلنے کی جسارت کیوں نہیں کرتے

(تالیاں)

جناب سپیکر صاحب، پاکستان تحریک انصاف چې کله د خود دار صوبې، د وطن د خود دارئ او د ریاست مدینه خبره کوی نو په دوئ باندې بد لګی، دوئ وائی مونږ بهکاری قوم یو خو مونږ بهکاری نه یو، دوئ بهکاریان دی، مونږ آزاد خود مختار پاکستان ان شاء الله غواړو او جوړو به ئے۔ د مدینې د ریاست د هر مسلمان خواهش دے، د مدینې په طرز دې دا ریاست جوړ شی، هغې نه دوئ ته تکلیف ملاویږی۔ جناب سپیکر صاحب-----

(قطع کلامی)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: .Order in the House سن لیں جی، سن لیں۔

<u>جناب محمد عبدالسلام</u>: زه د وزیر اعلیٰ صاحب ډیر زیات مشکور یم، په مردان کښې-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: منور خان صاحب، آپ ان کو سن لیں۔

<u>جناب محمد عبدالسلام</u>: جناب سپیکر، دوئ ته به په ریاست مدینه باندې ډیر زیات تکلیف ملاویږی، په خود دارئ باندې هم دوئ ته تکلیف ملاویږی ځکه دوئ پخپله هم ځان ته وائی چې مونږ بهکاری قوم یو او زه حیران دې خلقو ته یم چې خلقو دوئ د خپل حقوقو د پاره منتخب کړی دی، د دې د پاره نه چې دوئ دلته د کرپټ لیډرشپ وکالت اوکړی۔ زه د وزیر اعلیٰ صاحب او وزیر خزانه صاحب ډیر زیات مشکور یم چې زمونږ مردان له دوئ خصوصی توجه په بعض سکیمونو کښې ورکړې ده، لکه مونږ ته مردان کښې ویمن یونیورسټی موجوده پاکستان تحریک انصاف حکومت هلته کښې زمونږ خاص کر طالباتو د پاره منظوره کړې ده، د هغې زه ډیر زیات مشکور یم، پاکستان تحریک انصاف اول پاکستان گرلز

کیډټ کالج مردان ته ورکړے دے، مونږ په هغې باندې د وزیر اعلیٰ صاحب او د موجوده پاکستان تحریک انصاف د حکومت ډیر زیات شکر گزار یو چې مردان ته هغوی خصوصی توجه ورکړې ده، هلته ئے د پاکستان اولنے گرلز کیډټ کالج ئے ورته ورکړو۔ جناب سپیکر صاحب، بل طرف ته مردان کښې مونږ د پاره هغوی چې کوم گرلز کیډټ کالج اوکړو، انجینئرنگ یونیورسټی مردان د پاره مونږ ته موجوده وزیر اعلیٰ صاحب او پاکستان تحریک انصاف راکړه، هغې باندې هم مونږ د هغوی ډیر زیات شکر گزار یو، د مردان ایم ایم سی هسپتال او ډی ایچ کیو هسپتال کوم په جدید طرز باندې چې هغه کوم پاکستان تحریک انصاف ډیویلپ کړل، په هغې باندې هم وزیر اعلیٰ صاحب ډیره خصوصی توجه ورکړه نو مونږ د موجوده حکومت او د وزیر اعلیٰ صاحب شکریه ادا کوؤ۔ جناب سپیکر صاحب، تعلیم د یو ترقی یافته معاشرې د پاره بنیادی حیثیت لری، د یو قوم، د یو ملک په ترقئ کښې تعلیم بنیادی حیثیت لری، موجوده بجټ کښې تعلیم د پاره خصوصی توجه ورکړې شوه او سینتالیس (47) ارب روپئ ایلیمنټری اینډ سیکنډری ایجوکیشن ته ورکړے شوې، په هغې باندې مونږ موجوده حکومت او وزیر خزانه صاحب ته خراج تحسین پیش کوؤ۔ هیلتھ کښې انصاف صحت کارډ چې کوم دلته هغې کښې کوم سهولتونه او موجوده کوم دې بجټ کښې ورته پینځه نور غټ غټ مرضونه بون میرو، کډنی ټرانسپلانټ، لیور ټرانسپلانټ، کینسر دا د غریب د وس نه بهر خبره ده، په هغې کښې که یو غریب کس خپل کور خرڅ کړی نو هغه علاج پرې نه شی کولے، د اکثر غریبانانو کور هم نه وی، هغه د دې حکومت یو ډیر احسن اقدام دے، هغې باندې هم Appreciate کول پکار دی، د موجوده حکومت وزیر خزانه صاحب، هیلتھ منسټر صاحب، وزیر اعلیٰ صاحب، او سپیکر صاحب، بل طرف ته دلته د فاټا منسټر، دلته زمونږ یو معزز رکن اسمبلی صاحب خبرې اوکړے چې فاټا کښې د ښکلو اوبه نشته، قبائلی اضلاع کښې د ښکلو اوبه نشته، هلته سهولتونه نشته نوتیس سال نه خو د دوئ حکومتونه راروان دی، هغه خو فاټا وه، تر اوسه پورې د مرکز حصه وه، فاټا خو د دوه درې کالونه خیبر پختونخوا ته حواله شوې ده، ان شاءاللّٰه مونږ هغوی ته دلته په اسمبلئ کښې هم نمائندگی ورکړه، پاکستان تحریک انصاف

هلته د بلدياتی نمائندګانو ورته هم هغه سهولت ورکړو چې هلته بلدياتی نمائندګان ئے ورته راوستل او ان شاءالله هلته کښې ترقياتی کارونه ښه په سپيړ سره روان دی، هلته که سهولتونه نه وو، د سهولتونو فقدان وو، د هغې ذمه وار هم دغه د ماضی حکومتونه دی، فاټا د دوئ په تسلط کښې راروانه وه، فيډرل ايډمنسټريشن ټرائبل ايريا وه، فيډرل ګورنمنټ موجوده ټول د 1947ء نه تر اوسه پورې تقريباً تهتر (73) يا پچهتر (75) سال د دوئ پرې حکومتونه وو او هغه محرومې پاتې شوې دی، هلته د ايف سی آر چې کوم د غلامئ قانون وو هغه پاکستان تحريک انصاف ختم کړو او چې کوم هلته کښې انصاف صحت کارډ، هغه موجوده امپورټډ، نالائق او نا اهل امپورټډ حکومت چې هغوی د صحت کارډ بجټ ورکولو نه انکار کړے دے، ان شاءالله د پاکستان تحريک انصاف دا صوبائی حکومت به قبائلی ورونړو ته به هم هغه انصاف کارډ سهولت ورکوی۔ جناب سپيکر صاحب، زما طبعيت ټهيک نه دے، زه خپلې خبرې ختموم خو په اخره کښې جی نالائق، نااهل امپورټډ حکومت مرده باد، پاکستان زنده باد۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب احمد کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب، حسن اتفاق ہے، آج دختر مشرق محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی انہتر ہواں جنم دن ہے اور سالگرہ ہے، آج ہم ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، بحیثیت ایک سیاسی کارکن کے اور یہ عہد کرتے ہیں کہ ان کا آج بھی فلسفہ حیات اور ان کی جو نظریاتی سرحدیں ہیں، آج بھی پاکستان میں موجود ہیں۔ (تالیاں) میں بجٹ کی طرف آتا ہوں، صوبائی حکومت سے ہماری توقعات، جب صوبائی حکومت آئی تھی، ان کے سامنے جو باتیں ہم کرتے تھے، آج الحمد للہ ان کے نتیجے آپ کے سامنے ہیں، وہی مسائل جو اس صوبے کو پچھلے چالیس اور پچاس سال سے ہیں جن میں بجلی کا مسئلہ، گیس کا مسئلہ، پانی کا مسئلہ، تجارتی راستوں کا، یہ مسائل آج بھی موجود ہیں۔ اس ملک میں ایک Mindset ہے کہ جو اس صوبے کو معاشی پیروں پر کھڑا ہونے سے روکتا ہے۔ ہمارا صوبائی حکومت سے کیا گلہ ہے؟ ہمارا گلہ صرف یہی ہے کہ یہ چار سال جب ان کو آسانیاں تھیں تو یہ ہمارا مقدمہ لڑنے میں ناکام رہے اور میں ثبوت سے کہوں گا، یہ ہاؤس فیصلہ کرے، شاید میں کوئی جانبدار ہوں یا میرا کوئی پارٹی سے تعلق ہو،

(تالیاں)        یہ ہاؤس فیصلہ کرے کہ ہمارے صوبے کا جو معاشی مقدمہ ہے جس پر ہم بجٹ پیش کرتے ہیں، آیا ہم وہ نتائج حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے؟ سب سے سستی ترین بجلی ہم بناتے ہیں، اس ملک میں سب سے سستی ترین، بیس ارب یونٹ ہم بناتے ہیں۔        (تالیاں)        جناب سپیکر، بد قسمتی کیا ہے؟ مجھے اپنا آئینی حق نہیں ملتا، بد قسمتی کیا ہے؟ بجلی میں پانی سے پیدا کرتا ہوں، میرے لوگ جو بل دیتے ہیں وہ تھرمل کا دیتے ہیں، جناب سپیکر، سب سے بڑی زیادتی یہ ہے۔ آج بھی آپ اپنے بل میں دیکھ لیں تو اس میں ایک Figure آتا ہے جس کو وہ کہتے ہیں Fuel Price Adjustment جو کہ اس صوبے پر لاگو نہیں ہونا چاہیئے لیکن یہ صوبائی حکومت ناکام رہی ہمارا مقدمہ لڑنے میں، ہم پہلے بھی کہتے تھے کہ یہ کسی سیاسی جماعت کا مقدمہ نہیں ہے، اس ملک میں ایک Mindset ہے جو اس صوبے کے وسائل کے اوپر قبضہ رکھنا چاہتا ہے جناب سپیکر، اس کے خلاف ہمیں لڑنا پڑے گا۔ اس کے بعد بجلی پر آپ آئیں جو صوبہ سب سے زیادہ سستی بجلی بناتا ہے، Straight transfer میں ہمیں پیسے کتنے ملتے ہیں؟ بیس ارب، تیس ارب اور ہم سے بل کتنا وصول ہوتا ہے؟ سو (100) ارب، ایک سو بیس (120) ارب۔ جناب سپیکر، اس ملک میں ایک دس سالہ پالیسی IGCEP کے نام پر آئی، Indicative Generation Capacity Expansion Plan، بد قسمتی یہ رہی کہ ہماری صوبائی حکومت خاموش رہی، وہاں پر اس دس سالہ منصوبے کی جو روح تھی وہ دو باتوں پر تھی، اس کے دو Pillars تھے، ایک Long term اور ایک Least cost، Long term اور Least cost یہ میرے صوبے میں سب سے زیادہ پراجیکٹس ہیں جن کو ڈالنا چاہیئے تھا لیکن یہ لوگ خاموش رہے، نہیں ڈال سکے، یہ لوگ چپ رہے، اپنی وزارتوں کو بچاتے رہے، میں ذاتی طور پر بڑا خوش تھا جو تحریک انصاف نے ایک پروفیشنل بندے کو فنانس ڈیپارٹمنٹ دیا، حالانکہ پولیٹیکل پارٹیاں اس طرح نہیں کرتیں، وہ For granted لیتی ہیں لیکن جو بندہ چیزوں کو سمجھتا ہو اور پھر بھی چپ ہو تو وہ اس صوبے سے بھی غداری کر رہا ہے، اس ملک سے بھی غداری کر رہا ہے۔        (تالیاں)        تو کہنے کا مقصد یہ ہے کہ بجلی کا مقدمہ جو سب سے ہمارا اہم مقدمہ تھا، لڑنے میں ناکام ہوئے اور سب سے بڑی بد قسمتی جو رونا آتا ہے، یہ White paper انہوں نے بنایا ہے، اس ملک کا نہیں، بلکہ ساؤتھ ایشیاء کا سب بڑا بجلی گھر تربیلہ کے نام پر ہے، انہوں نے تربیلہ کے Figure کو یا تو جان بوجھ کے غلط لکھا ہے یا انہوں نے غفلت کی ہے، اگر انہوں نے غفلت کی ہے تو پھر بھی یہ مجرم ہیں اور اگر انہوں نے جان بوجھ کر کیا ہے تو پھر بھی یہ لوگ مجرم ہیں، میں

چیلنج کرتا ہوں (تالیاں) جناب سپیکر، یہ White paper ہے، اس White paper کے پانچویں Chapter پر منسٹر صاحب سے میں ریکویسٹ کرتا ہوں، پانچویں Chapter پر صفحہ نمبر 48 کے اوپر انہوں نے تربیلہ کی Generation 11.8 Giga watt power رکھی ہے، اگر یہ 11.8 Giga watt power ہوئی تو میں یہاں سے جاکر استعفیٰ دوں گا (تالیاں) لیکن کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ صوبے کا سب سے بڑا اہم پراجیکٹ ہے، تربیلہ ساؤتھ ایشیاء کا سب بڑا بجلی گھر ہے، خدارا آپ کو دلچسپی نہیں ہے، آپ چھوٹی چھوٹی منسٹریوں کی خاطر اس صوبے کے مقدمے کو تباہ کر رہے ہیں، آپ نے جان بوجھ کر اس صوبے کے ساتھ زیادتی کی ہے۔ (تالیاں) ہم تو پہلے سے بھی کہتے رہے ہیں کہ ہمارے یہ مقدمے تیس تیس، چالیس چالیس سال سے حل نہیں ہو رہے ہیں، یہ ایک Mindset ہے، پولیٹیکل پارٹیز کا قصور نہیں ہے، ان سے ہماری توقعات کیا تھیں؟ ہمارے تیل کا مقدمہ دیکھ لیں، میں پچاس ہزار بیرل تیل پیدا کرتا ہوں لیکن فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی نہیں دیتے، آئل ریفائنری نہیں دیتے۔ پانی کا مقدمہ دیکھ لیں، صرف ڈی آئی خان میں ایک ملین ایکڑ Culturable waste land ہے، میں دریا کے مغربی کنارے پر بستا ہوں لیکن بوند بوند کے لئے ترس رہا ہوں، 1991ء میں میرے ساتھ وعدہ ہوا تھا، چشمہ لفٹ بنک کینال جو مجھے دی جائے گی، صوبائی حکومت چار سال ڈھول بجاتی رہی، پھر پریس کانفرنس کی، او بھائی کریڈٹ آپ لے لیں، ہمیں کریڈٹ کا شوق نہیں ہے لیکن بجٹ ڈاکیومنٹ میں آپ نے کتنا پیسہ رکھا ہے؟ انہوں نے کچھ بھی نہیں رکھا، میں فیڈرل گورنمنٹ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، دیر آید درست آید (تالیاں) انہوں نے چشمہ لفٹ کے لئے پچاس کروڑ رکھے جو کہ تھوڑے ہیں، اس کے لئے ہمیں لڑنا پڑے گا، ہمیں مقدمہ اٹھانا پڑے گا، ہمیں ان فورم پر بات کرنا پڑے گی۔ آج بھی ڈی آئی خان کی بنجر زمینیں تحریک انصاف کی ناانصافیوں کے اوپر پکار رہی ہیں اور ان کو یہ کہہ رہی ہیں کہ خدارا ہمیں چشمہ لفٹ کینال دی جائے۔ ہماری گزارش یہ ہے، یہ تو نہ تیل کا مقدمہ لڑ سکے، نہ پانی کا لڑ سکے، نہ بجلی کا لڑ سکے، باقی تو چھوڑیں یہ ڈیٹا بھی انہوں نے اس میں غلط فریم کیا ہے، اگر یہ ڈیٹا غلط ہے تو اس کا کون مجرم ہے؟ مجھے بتائیں، خدارا کم از کم میرے تربیلہ نے اٹھارہ ارب بجلی پیدا کی ہے، اس سال سے پچھلے سترہ ارب ہمیں زبانی یاد ہے لیکن ان وزیروں کو یاد نہیں ہے، کیونکہ ان کی دلچسپی نہیں، یہ منسٹریوں کی خاطر چپ ہیں۔ (تالیاں) کہنے کا مقصد یہ ہے، میرے گیس کا مقدمہ دیکھ لیں، سب سے زیادہ اپنی کھپت

کے Against میں گیس زیادہ پیدا کرتا ہوں، MMcf/d 400 جس میں Use 200 ہوتی ہے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Windup کریں۔

جناب احمد کنڈی: جناب سپیکر، میں Wind up کر رہا ہوں کیونکہ یہ باتیں میں بار بار کر چکا ہوں لیکن ان کی کوئی دلچسپی نہیں ہے، گیس میں زیادہ پیدا کرتا ہوں، میری گیس کے اوپر وہاں پر بجلی بن رہی ہے۔ جناب سپیکر، کونسی بجلی؟ وہ جو میں ایک روپے پر بناتا ہوں اور وہ بجلی میں بیس روپے پر خریدتا ہوں، میری گیس پر بجلی بن رہی ہے، دوسرے صوبوں کو دینے کے لئے میں تیار ہوں، یہ فیڈریشن ہے، Federal republic ہے لیکن میرے آئینی حقوق پر کون بات کرے گا؟ میری سرپلس جو گیس ہے، اس کی قیمت مجھے کون دے گا؟ میرے پانی جو IRSA Accord کے مطابق ہے، اس کے پیسے کون دے گا؟ یہی پانچ چھ چیزیں ہیں، اب میری راہداری دیکھ لیں، تجارتی راستے دیکھ لیں، پاکستان کے تجارتی پرانے راستے خیبر پختونخواسے ہو کر گزرتے ہیں، پاکستان کی معاشی ترقی انہی راستوں میں ہے، پاکستان نے اگر Default سے بچنا ہے تو خیبر پختونخوا کی راہداریوں سے ہو کر وہ بچے گا، اگر نہیں تو وہ بچ نہیں سکتا۔ (تالیاں) جناب سپیکر-----

جناب ڈپٹی سپیکر: Windup کریں۔

جناب احمد کنڈی: میں بس Windup کر رہا ہوں، ہم کیا چاہتے ہیں؟ ہم یہ چاہتے تھے کہ ہم نے ایک Structural change کی اور یہ ہمیں امپورٹڈ حکومت کہتے ہیں، ہم مانتے ہیں امپورٹڈ حکومت نے کیا کیا اور Selected حکومت نے کیا کیا؟ Comparison کرتے ہیں، 2010ء میں ہم نے Seventh NFC Award دیا، پیپلز پارٹی حکومت میں تھی، پیپلز پارٹی کے پاس Simple majority تھی، آج جس بجٹ کو یہ خوددار کہہ رہے ہیں، اس میں تین سو ارب اس امپورٹڈ حکومت کی Contribution ہے، اگر وہ نہ ہوتا تو یہ بجٹ آج نہ ہوتا۔ (تالیاں) جناب سپیکر، Seventh NFC Award پیپلز پارٹی اور اس کی اتحادی جماعتوں کا کریڈٹ ہے، Collection charges کم کئے جس سے تین سو ارب کا فائدہ ہوا، ہم نے Divisible pool کو چھیالیس (46) سے ستاون اعشاریہ پانچ (57.5) کیا، جس کی وجہ سے ان کو اسی (80) ارب کا فائدہ ہوا۔ (تالیاں) ہم نے General Sales Tax کو ان کے حوالے کیا، KPPRA کے حوالے سے آج بھی ان کے بجٹ میں بتیس (32) ارب General

Sales tax کے ہیں جو پیپلز پارٹی اور امپورٹڈ حکومت نے ان کو دیئے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، یہ وہ Structural change تھی جو ہم نے Simple majority سے کی، ہم نے گالیاں دے کر نہیں کی، ہم نے آستینیں چڑھا کر نہیں کی، ہم نے بندوقیں اٹھا کر نہیں کی، ہم نے Political consensus سے کی، برداشت سے کی، شائستگی سے کی، (تالیاں) اس ملک کے Favour میں یہ چیز ہے جو آج ہمیں چاہیئے۔ جناب سپیکر، یہ چیزیں ہم ان کو سکھا سکھا کر، سمجھا سمجھا کر تھک گئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Windup کریں، ٹائم آپ کا Over ہو گیا ہے۔

جناب احمد کنڈی: Windup کرتا ہوں، میں یہ توقع کرتا ہوں کہ خدارا اس ملک کا حل Political consensus میں ہے، اگر آپ تنقید بھی کرنا چاہتے ہیں تو اس میں شائستگی کا عنصر نہ جانے دیں، ان میں گرم جوشی ہے، یہ سیکھ جائیں گے، وہ جن کے کندھوں پر چڑھ کر آئے تھے وہ کندھے آج ہٹ گئے ہیں، وہ بیساکھیاں آج ہٹ گئی ہیں، سیکھ جائیں گے، سیکھ جائیں گے۔ (تالیاں) میں آخر میں Windup کرتا ہوں اور توقع کرتا ہوں کہ خدارا یہ لوگ اس کو Political consensus میں دیکھیں، اس طرح کی باتوں سے یہ وصول نہیں کر سکتے، Lobbying کرنا پڑے گی۔ ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Windup کریں جی۔

جناب احمد کنڈی: سی سی آئی میں جانا پڑے گا، اس صوبے کی خاطر چیف منسٹر کو اپنی انا پیچھے رکھ کر پرائم منسٹر کے پاس بھی جانا پڑے گا اور یہی سی سی آئی Constitutional forum ہے۔ (تالیاں) میں آخر میں یہ توقع کرتا ہوں کہ ان میں سے ایسے لوگ ہیں جو اس چیز کو سمجھتے ہیں لیکن اگر ہم اسی طرح بیساکھیوں پر رہیں گے تو آخر میں اقبال کا شعر ہے:

ے
افسوس صد افسوس کہ شاہین نہ بنا تو
دیکھے نہ تیری آنکھ نے فطرت کے اشارات
تقدیر کے قاضی کا یہ فتویٰ ہے ازل سے
ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگ مفاجات

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: معزز اراکین اسمبلی، آج جو ایجنڈا تقسیم کیا جا رہا ہے، یہ ایجنڈا مورخہ 22/23 اور 24 جون کا ہے، لہذا حکومتی بجٹ پالیسی کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ سے گزارش کی جاتی ہے کہ اس ایجنڈے کی کاپیاں آپ اپنے ساتھ مورخہ 22/23 اور 24 جون کو لایا کریں تاکہ اسمبلی سیکرٹریٹ کو بار بار ایجنڈے کی چھپائی نہ کرنا پڑے، نیز اسمبلی کو صرف دو دنوں کے اندر مذکورہ ایجنڈے کو نمٹانا ہے، لہذا گزارش کی جاتی ہے کہ وقت کی پابندی کو یقینی بنائیں، شکریہ۔ مسٹر محمد شعیب صاحب، موجود نہیں، مسٹر احتشام جاوید صاحب۔

جناب احتشام جاوید: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے میں اپنے Colleagues کو، اپنے فنانس منسٹر کو اور خصوصاً چیف منسٹر صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ یہ انتہائی اچھا بجٹ ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ ہم یہ امید کرتے ہیں کہ موجودہ بجٹ سے ہمارے جنوبی اضلاع کی محرومیوں کا خاتمہ ہوگا۔ جناب سپیکر صاحب، میں دو ضروری باتیں کروں گا، اس موجودہ بجٹ میں ہمارے جنوبی اضلاع کے لئے دو میگا پراجیکٹس ہیں، ایک موٹروے کا اور دوسرا ہمارے ڈی آئی خان لفٹ کینال کا، پاکستان میں اس وقت بھی کچھ ایسے علاقے موجود ہیں جو کہ کہیں بھی موٹروے سے Connect نہیں ہوئے ہیں، ہمارے آئے روز مریض آتے ہیں، ضروری کام ہوتے ہیں، پشاور، اسلام آباد آنے جانے میں تکالیف ہوتی ہیں، یہ سارا کریڈیٹ محمود خان اور اس کی حکومت کو جاتا ہے (تالیاں) کہ انہوں نے ڈی آئی خان کے اس دیرینہ مسئلے کو تکلیف سمجھا اور اس کے لئے بجٹ میں پیسے رکھے ہیں۔ دوسری بات، ڈی آئی خان لفٹ کینال، ڈی آئی خان میں ہمیشہ سے سیاستدانوں نے تمام پولیٹیکل پارٹیوں نے اس پر سیاست کی ہے، جب بھی جس پارٹی کی حکومت آتی ہے، انہوں نے یہی نعرہ لگایا کہ چشمہ لفٹ بنک کینال ہم بنا کر رہیں گے لیکن آج تک کسی نسے نہیں بنائی، اب یہ کریڈیٹ موجودہ حکومت کو جاتا ہے (تالیاں) اور ان شاء اللہ تعالیٰ ڈی آئی خان کے لوگ غیر تمند لوگ ہیں، حکومت جس طرح ڈی آئی خان کے لوگوں پر غیرت کر رہی ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ آنے والے الیکشن میں ڈی آئی خان کے لوگ اس غیرت کا جواب غیرت سے دیں گے۔ جناب سپیکر صاحب، ڈی آئی خان کو سی آر بی سی کی صورت میں ایک تحفہ پیپلز پارٹی نے دیا تھا اور موجودہ حکومت ان شاء اللہ تعالیٰ دو تحفے دے رہی ہے، ڈی آئی خان کو لفٹ بنک کینال اور موٹروے کا، ان شاء اللہ جب بھی ڈی آئی خان کی سیاسی تاریخ کا ذکر کیا جائے گا تو محمود خان اور ان کی ٹیم کو ہمیشہ سنہرے الفاظ سے یاد کیا جائے گا۔ (تالیاں) میری ڈیپارٹمنٹ سے یہ گزارش ہے کہ سی آر بی سی کینال

بنی ہے، اس سے زمینیں آباد ہوئی ہیں لیکن سی آر بی سی کینال کی Maintenance کا کوئی خیال نہیں رکھا جاتا جس کی وجہ سے ہماری سی آر بی سی کینال جگہ جگہ سے سیم کر رہی ہے، سیم کے خاتمے کے لئے وہاں پر سیم کے Fills بنائے گئے لیکن ان کی کوئی Maintenance نہیں، ڈی آئی خان کے نہری نظام کا موجودہ دنوں یہ حال ہے کہ زمیندار چندہ کر کے اپنی نہریں صاف کر رہے ہیں، صفائی کے دس سے بیس فیصد پیسے ڈی آئی خان جاتے ہیں لیکن وہ یا تو ڈیپارٹمنٹ کی نذر ہو جاتے ہیں یا ٹھیکیدار کی نذر ہو جاتے ہیں، زمیندار اپنی نہریں صاف کرنے کے لئے خود چندے کر رہے ہیں۔ میرے حلقے میں سی پیک کا جب اعلان ہوا تو وہاں پر جرگے ہوئے، قومیں اکٹھی ہوئیں، انہیں کچھ تحفظات تھے۔ جناب سپیکر، میری حکومت سے یہ ریکویسٹ ہے کہ جب بھی لفٹ کینال کا کام شروع کیا جائے تو ان لوگوں کے تحفظات کو دور کیا جائے، مقامی کمیٹیاں بنائی جائیں، حکومت کی ٹیکنیکل ٹیم ان کے ساتھ ہو، خدانخواستہ اگر سی آر بی سی کی طرح لفٹ کینال کو بھی اپنے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا تو وہ دن دور نہیں کہ میرے حلقے کے لوگ پنجاب Migrate ہوں گے اور مجبوری یہ ہوگی کہ پورا علاقہ سیم زدہ ہو جائے گا۔ دوسری بات ڈی آئی خان میں Energy crisis ہے، موجودہ دنوں میں پچاس ڈگری سینٹی گریڈ گرمی میں بیس بیس اور بائیس بائیس گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے، بجلی کی تکلیف ہے، Shortfall ہے، اس کا ہمیں اندازہ بھی ہے لیکن حکومت کے پاس اس کے متبادل حل موجود ہوتے ہیں، میری گزارش ہے کہ غیر ضروری اے ڈی پی کو جس طرح Beautification وغیرہ کے لئے ہم پیسے رکھتے ہیں، اگر ان کو ہم کٹ کر دیں اور مختلف ادوار میں جو آپ کے پاس غربت کا سروے ہوا ہے، غریبوں کے گھروں کو Solarize کریں تاکہ بجلی سے ان کی جان چھوٹ جائے، یہ آپ غریبوں کے اوپر ساری عمر کے لئے ایک کرم کریں گے۔ جناب سپیکر، موجودہ بجٹ میں ڈیویلپمنٹ کے لئے بہت کچھ کیا ہے لیکن غریب کے سر پر ہاتھ رکھنے کے لئے کچھ نہیں کیا گیا لیکن آپ نے صحت کارڈ کی صورت میں ایک تحفہ غریب کو دیا ہے، دوسرا تحفہ آپ غریبوں کے گھروں کو Solarize کریں، موجودہ ہمارا جو Setup ہے جس میں پبلک ہیلتھ کے ٹیوب ویلز ہیں، ایریگیشن کے ٹیوب ویلز ہیں، ان کو Solaris کریں اور Energy crisis کا مقابلہ ہم نے اس صورت میں کرنا ہے۔ تیسری بات، چیف منسٹر صاحب نے اور میرے Colleagues نے میری بڑی امداد کی ہے، میرے علاقے پنیالہ کو انہوں نے تحصیل کا درجہ دیا، کیبنٹ سے Approval بھی ہو گئی، میں جتنا شکریہ ادا کروں وہ کم ہے کہ میرے علاقے کے لوگوں کو ایک پہچان مل گئی ہے، میرے بھائی فیصل امین صاحب بیٹھے ہیں،

اس میں ان کی بڑی Contribution رہی ہے۔ جناب سپیکر، میری درخواست ہے کہ جیسے Ban lift ہو جائے تو اس کو فوری Notify کریں اور وہاں کے انتظامی معاملات چلانے کے لئے موجودہ بجٹ سے فنڈ رکھا جائے تاکہ وہاں کے لوگوں کو سہولت میسر آ جائے۔ موجودہ حکومت نے میرے حلقے کے لئے پچاس کروڑ روپے کی ایک سکیم رکھی ہے، میری یہ بھی گزارش ہے کہ اس سکیم کا جلد از جلد ٹینڈر کرایا جائے، اس کے لئے جو Release ہے، یہ Last year کے فنڈز ہمیشہ رہ جاتے ہیں، پچھلی دفعہ بھی میں ایم پی اے تھا، ہم سے Last year کے فنڈز Use نہیں ہو سکے، کچھ ایسی پلاننگ کی جائے کہ Last year کے فنڈز کو قابل استعمال لایا جائے۔ یہی میری دو چار گزارشات ہیں، جناب سپیکر صاحب، میں نے آپ کا ٹائم لیا، بڑی مہربانی، شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ مسٹر پختون یار صاحب، موجود نہیں۔ جناب میر کلام وزیر صاحب۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: ډیره مننه، جناب سپیکر صاحب۔ د ټولو نه اول که ستاسو اجازت وی نو په یو منټ کښې به، په شمالی وزیرستان کښې پرون چې دا کومه یوه واقعه شوې وه چې پکښې څلور کسان مړه شوی وو۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: گورئ جی، په بجټ باندې خبرې کوئ۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: جناب سپیکر صاحب، صرف یادول ئے ضروری دی، نور زه په بجټ خبره کوم۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: گوره نورو آنریبل ممبرز هم په دې باندې خبرې کولې خو ماورته وئیل په دې باندې به وروستو خبرې کوئ، ماته ډیر ایم پی ایز ناست دی، هغوی پرې خبرې کول غوښتل، تاسو خپلې خبرې په بجټ باندې اوکړئ ځکه چې زما د پاره تاسو ټول ایم پی ایز یو شان یئ جی۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: بهر حال په بجټ خو دلته مختلف تقریرونه اوشو، ډیر په تفصیل سره ډیرو ملگرو په بجټ باندې خبرې اوکړې، په بجټ کښې زمونږه سره د ټولو نه اول زمونږ د شمالی وزیرستان یا د Merged districts چې کوم کډوال دی، آئی ډی پیز دی، د هغوی د پاره په دې کال کښې یوه روپئی نه ده ایښودلې شوې، دلته زمونږه خبره که کیږی، که چرته زمونږه د قبائلی اولس د حق خبره راشی، زمونږه چرته د کډوالو خبره راشی یا زمونږه چرته هم د قبائلی اولس هغه

خبره راشی چې هغه زمونږ د ژوند سره تړلې خبره وی، دا دلته څلور کاله په مرکز کښې ستاسو حکومت وو، مونږه دلته تاسو ته زاری کوله چې این ایف سی ایوارډ اوکړئ، هلته دا څیزونه اوکړئ، تاسو هیڅ هم اونکړل، اوس چې دوه میاشتې کیږی هلته حکومت بدل شو، دا چې څه خبره کیږی نو وائی چې مونږه سره خو دا امپورټډ حکومت نه کوی، دا خو امپورټډ حکومت داسې نه دی کړی، تاسو مونږ ته اوښایئی چې تاسو څه اوکړل، په دغه درې کالو کښې، د آئی ډی پیز هغه خلق دی چې اوسه پورې د ضرب عضب آپریشن په جون 2014ء کښې شروع شوے وو، نن ئے اته کاله پوره کیږی چې په کیمپونو کښې، په خیموکښې خلق اوسیږی، آیا په دې ملک کښې د وزیرستان خلق دا حق نه لری چې په خپل کور کښې اوسی؟ د وزیرستان خلق دا حق نه لری چې هغوی ته Facilities ورکړے شی؟ نن هم په کیمپونو کښې پراته دی، څوک په افغانستان کښې پراته دی، څوک په بنوں بکاخیل کیمپ کښې پراته دی او څوک په نورو علاقو کښې پراته دی، د هغوی د پاره چې کوم فنډ ایښودلے کیدو، هغه ختم کړے شوے دے جناب سپیکر، دلته به ماته څوک Justification راکوی؟ بله خبره دا ده چې دلته د Merged districts د پراجیکټ ملازمین دی، په تیر بجټ کښې دلته زمونږه ډیر قدرمن سی ایم صاحب، مونږه ئے احترام کوؤ، د دې هاؤس مشر دے، هغوی پخپله اعلان اوکړو چې د Merged districts څومره پراجیکټ ملازمین دی، دا ټول ما Permanent کړل، نن هم زمونږ د پراجیکټ ملازمین در په در ګرځی، کله یو منسټر ته زاری کوی کله بل منسټر ته زاری کوی، په فلور باندې د چیف منسټر هغه خبره دلته نه عملی کیږی یا دا حکومت ئے نه عملی کوی نو بیا مونږ د دوئ نه د کومې قصې توقع اوکړو؟ جناب سپیکر، پکار دا ده چې څومره هم د پراجیکټ ملازمین پاتې شوی دی، زر نه زر دې هغه Permanent کړے شی او د هغې اعلان دې اوشی، عملی طور دې په هغې کار هم شروع شی۔ جناب سپیکر صاحب، بله خبره اکثر دلته د فنډ کیږی چې وفاقی حکومت نه فنډ کم راغلے دے او وفاقی حکومت فنډ کم کړے دے، یوه خبره به زه بله هم اوکړم چې د بجټ سپیچ کښې منسټر صاحب د محسن داوړ ذکر اوکړو چې هغه ئے مخالفت کړے دے، د دې خبرې چې قبائلی اضلاع ته تاسو فنډ کم ورکړئ، زه په دې فلور

باندې چیلنج ورکوم چې که په محسن داوړ باندې دا خبره دوئ ثابته کړه چې هغوی دا خبره کړې ده، محسن داوړ به هم Resign ورکوی او زه به هم د دې اسمبلئ نه Resign ورکوم خو په دې خبرو باندې نه کیږی چې ته په بل چا الزام اولګوې، هغه خو Talk Show ته هم تیار دے چې ما سره کښینئ چې ما چرته داسې وئیلی دی چې د قبائلی اولس فنډ دې نه زیاتیږی، نو پکار نه ده چې مونږ په خلقو الزام اولګوؤ، پکار ده چې دوئ خپل فنډ سره Sincere پاتې شی۔ یو طرف ته مونږ شور کوؤ چې فنډ نشته، فنډ کم دے، فنډ ئے مونږه ته نه دے راکړے، بل طرف ته هر کال فنډ Lapse کیږی، په خپلو کښې وران دی، په خپلو کښې په جهګړه دی، په دغه حکومت (تالیاں) مونږه اپوزیشن ته خو تاسو دا نه راکول خو بیا هم په ریکارډ باندې موجود دی چې هر کال په اربونو روپئ Lapse کیږی نو آیا دا زما غلطی ده که دا د اپوزیشن غلطی ده، که دلته چې دا کوم ناست خلق دی دا د دوئ غلطی ده؟ پکار دا ده چې کوم فنډ هم ورسره دے چې په هغې باندې کار اوشی، په ټائم باندې اولګی۔ بله خبره د صحت کارډ والا کیږی، صوبائی حکومت به Merged districts په صحت کارډ کښې ځائې کوی، وائی چې مرکزی حکومت ویستلی دی، مرکزی حکومت نه دی ویستلی، په فروری کښې د پاکستان تحریک انصاف چې مرکزی حکومت وو په اسلام آباد کښې، هغوی دا لیټر کړے دے چې Merged districts مونږ د صحت کارډ نه اوباسو نو نن د دې صوبې ذمه واری ده چې Merged districts به په صحت کارډ کښې خامخا ځائې کوی۔ بله خبره دلته ډیر مجلسونو کښې اوشوه خو داسې په دې باندې ډیره توجه چا ورنکړه چې د پختونخوا د وطن په ډیر تاریخی ځنګلونو هورونه لګیدلی دی، هر خوا د دې چترال نه واخله تر وزیرستانه پورې، د کوئټه پورې د پختونخوا وطن چې د سلګونو کالونو نه د چلغوزو غټې غټې اونې ځنګلونه دی، هغه په هور کښې سوزی، د نن ورځې پورې حکومت سره هیڅ څه پروګرام نشته۔ بل طرف ته تاسو لګیا یئې چې مونږ ځنګلونه جوړوؤ، بلین ټریز سونامی لګوؤ نو آیا دا کم عقل توب دے، که لیونتوب دے او که نه دے؟ تاسو به اوس یو بوټے لګوئ، هغه به راغټیږی، بیا به دا ستا Climate change کنټرول کوی، خلقو ته به فائده ورکوی، که دا ستا چې په لکهونو کروړونو اونې سوزی،

د هغې د محفوظ کولو د پاره څه کار کول پکار دی، پکار ده چې حکومت د هغې د پاره يو پروګرام کيږ دی. بل په مونږ الزام دا دے چې زمونږ دلته په ځنګلونه داسې هورونه ولې لګی؟ د دې هم آزاده انکوائری پکار ده چې ولې د پختونخوا د وطن په ځنګلونو باندې روزانه هورونه لګی؟ بله خبره دا ده، زه ځکه لنډې لنډې خبرې کوم چې بيا به ټائم ختم شی، دلته د فنډ لانجه کيږی چې فنډ نشته، فنډ کم دے، مرکزی حکومت کم راکړے دے، د صوبې سره کم دے، آيا تاسو ته ياد نه دی چې هفته مخکښې دې اسمبلئ ته دلته تاسو بل راوړو چې د منسټرانو Salaries دې زياتې شی، د هيلی کاپټر اجازت دې ورکړے شی، هرڅوک دې ګرځوی، د دې نه بله د شرم خبره شته؟ يو طرف ته ته خلقو ته وائې چې مونږ سره پيسې نشته چې تاسو Facilitate کړو، بل طرف ته ته د ځان د پاره تنخواه ګانې زياتوې، دا د دنيا په کوم انصاف کښې، دا د اسلام په کوم قانون او ليول، دا د پاکستان په قانون، په نړيوال قانون چرته هم دوئ دا Prove کولے شی چې زما عوام د ورځې روټئ نه مومی او زه د منسټرانو Salaries زياتوم، دا د دې غريبې صوبې سره ظلم دے خو د ډير وخت نه دا خلق لګيا دی کوی ئے. بله خبره د ميناريټيز په حواله سره چې په ټول پختونخوا کښې ميناريټيز شته دے، بيا قبائلی علاقه چې خلق ډير د سخت ژوند سره مخامخ دی، په هره حواله سره تنګ شوی دی، د هغوی د پاره تير کال تيس کروړ روپئی ايښودلې شوې وې، په بجټ کښې يوه روپئی هم اونه لګيدله، هغه روپئی دغسې Lapse شوې، آيا زمونږ ميناريټيزضرورت نه لری چې هغوی ته پيسې اوليږئ؟ پکار دا ده چې دې کال کومې پيسې ايښودلې شوې دی، هغه پيسې په ټائم سره اوليږی چې هغوی پرې خپل کارونه Complete کړی. بله خبره زه تقرير په دې ختموم چې زمونږه سره کومې وعدې شوې وې، دلته اوس خبره دا روانه ده، د تيرو درې کالو نه مونږ دلته دا چغې وهلې چې په مرکز کښې ستاسو حکومت دے او دلته هم ستاسو حکومت دے چې د قبائلو سره کوم کارونه دی، کومې وعدې دی، هغه دې ورسره پورا کړے شی، اوس دلته دا لانجه او قيصه راغلې ده چې وائی هلته په مرکز کښې زمونږه حکومت نه دے، هلته په مرکز کښې چې د قبائلی اضلاع خبره کيږی بيا وائی چې دلته په صوبه کښې زمونږه حکومت نه دے، آيا مونږ چرته لاړ

شو، زمونږ د قبائلو چرته حکومت دے ؟ چې په دې صوبه کښې هم زمونږه نشته، په مرکز کښې هم زمونږ نشته، بیا دې خلقو د قبائلی اولس سره ولې وعدې کولې؟ د نن ورځې پورې په دروغو باندې مونږ ته خبرې کیږی، یوه وعده هم سرته نه ده رسولې شوې، پکار دا ده چې صوبائی حکومت هم سنجیده شی، وفاقی حکومت هم سنجیده شی، د قبائلو سره چې کومې وعدې ئے کړې دی، هغه دې پورا کړے شی او په اخر کښې چې کوم شهیدان دی هغوی ته د عقیدت ګلونه وړاندې کوم، پکار نه ده چې داسې واقعات اوشی، حکومت ته پکار ده چې د هغه واقعاتو مخ نیوے اوکړی۔ مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ مسٹر لیاقت علی خان صاحب۔

جناب لیاقت علی خان: شکریه جناب سپیکر، د بجټ په حوالې سره خلقو خبرې اوکړې او ډیر خلق داسې دی چې د هغوی عوام دوست او قومی او د غریبو عوامو د پاره چې زمونږه خیبرپختونخوا حکومت کوم بجټ پیش کړے دے، په هغې به څه قسمه قسم خبرې کیږی خو هغه خلقو ته زه دا وایم چې زمونږه پسې د خبرو کولو په ځائې باندې زمونږ نه دوه ورځې مخکښې یو بل بجټ پیش شوے دے، په هغې باندې ولې تاسو نظر نه اچوئ چې په هغې کښې د غریبو عوامو څرمن ایستلې شوې ده؟ په درې کاله کښې نن زمونږه ډیر ملګری داسې وائی چې دا کومه ګرانی چې راغلې ده نو دا د تیر شوی حکومت نه مونږه ته پاتې ده، نو زما په خیال د دې خلقو د Maths کمزوری ده، ولې چې مونږه درې کاله حکومت کړے دے او دوئ د ټول پاکستان چې کله جوړ شوے دے دوئ پرې حکومت کړے دے، دا ګرانی زمونږ نه راغلې ده که د دوئ نه راغلې ده؟ (تالیاں) دا اوسنئ ګرانی نه ده او زمونږه قصور څه دے ؟ مونږ *مریل* ګردن والا نه یو، د هغې به زه یو شعر دریاد کړم:

ـ ما په تاریخ کښې د اغیار غلامی کړې نه ده
آزاد پښتون یم د ضمیر په انتخاب پسې ځم

د دې وجې نه مونږ ته چې نن دغه خلق څومره هم را یو شوی دی، پی ډی ایم ئے جوړ کړے دے، "پاکستان ډاکو مومنټ" نو دا د دې د پاره چې مونږه امریکې ته Absolutely not وئیلے وو، دا څومره چې راغونډ شوی دی نو دا د

دې د پاره دی، دغه کټه پتلی حکومت، دغه امپورټډ حکومت، دغه د بل چا جوړ شوے حکومت، لازمی خبره ده چې په پاکستان کښې هغه جابر بجټ پیش کړی او ظالم بجټ به راولی، په دریو کالو کښې مونږه پچاس روپئی پټرول او ډیزل نه وو ګران کړی او دوئ په دوه میاشتو کښې ایک سو بیس (120) روپئی ډیزل ګران کړی دی، دا ظاهره خبره ده چې دا بجټ د خپلو آقاګانو د خوشحالو د پاره دے، دا بجټ هغوی د دې د پاره پیش کوی چې دلته مونږه ډیر خلق به په سائیکلو باندې راتلل او اوس مونږ ته کتابونه هم بنائی خو دا کتابونه په دې وجه نه چلیږی چې دا زما ذمه واری وه، تاسو بیا زما نه حکومت ولې اغستلو چې تاسو نه شو چلولے، تاسو نه شو کنټرول کولے، تاسو زما نه حکومت ولې اغستلو؟ ما دغه کتاب هم لرلو خو ما د غریب عوام د پاره پناه ګاهونه هم چلول، ما دغه کتاب هم لرلو خو ما د خپل قوم د پاره کسان کارډ هم چلولو، ما دغه کتاب هم لرولو خو ما صحت کارډ هم چلولو، ما دغه کتاب هم لرلو خو زما د قوم تئیس (23) اربه ډالر هم په خزانه کښې پراته وو، ستا چې وخت راغلے دے نو پناه ګاهونه دې ختم کړی دی، صحت کارډ دې ختم کړے دے، دا واحد صوبه ده چې صحت کارډ پکښې چلیږی، دا غریب عوام دی، تاسو تباهی اوکړه۔ جناب سپیکر، ان شاء الله دا ځل تاسو وئیل چې تاسو به څنګه دې قوم ته به ورځئ؟ دا ځل به ستاسو پته لګی، زمونږه خو ئے په ګلونو باندې استقبال اوکړو خو ستاسو به په سخا ټماټړو استقبال کوی، د خیره سره۔ *(تالیاں)* د هغې وجه دا ده چې تاسو د څه د پاره حکومت اغستلے وو، تاسو داسې بجټ پیش کولو، تاسو خو حکومت د دې د پاره اغستلے وو چې صرف او صرف ستاسو د خلقو د ارزانئ د پاره دعویٰ وه خو صرف او صرف دا د ادارو د پاره، د هغه ادارو د ختمولو د پاره، په هغه ادارو باندې خپل چیئرمین شپ جوړولو د پاره، په کومو چې ستاسو کیسونه دی او تاسو ئے پخپله باندې نن Deal کوئ، د دغه د پاره تاسو راوتلی وئ، د دې د پاره نه وئ، د دې د پاره نه وئ۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: په بجټ باندې راشئ جی۔

جناب لیاقت علی خان: د دې د پاره دا امپورټنټ حکومت نه دے راغلے چې دا د عوامو خبره اوکړی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: لیاقت خان، په بجټ باندې راشئ، په بجټ باندې خبره کوه جی۔

جناب لیاقت علی خان: د عوامو خبره نه وه-----

جناب ڈپٹی سپیکر: په بجټ باندې خبره اوکړئ، .Order in the House

(شور)

جناب لیاقت علی خان: زه د انکوائری خبرې ته لا نه یم راغلے-----

Mr. Deputy Speaker: Order in the House, please.

جناب لیاقت علی خان: لږ صبر اوکړه، د Blackberry خبرې ته نه یم راغلے-----

Mr. Deputy Speaker: Order in the House.

(شور)

جناب لیاقت علی خان: تاسو ورته صحیح خبره اوکړه چې تاسو ورته بهادر بچے اووئیلو، بهادر بچے وو، د دې د پاره د Blackberry خبرې ئے راوستلے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: په بجټ باندې خبره کوئ جی۔

جناب لیاقت علی خان: چې مداخلت کیږی نو بیا به خبرې کوم-----

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: اختیار ولی صاحب، تاسو کښینئ۔

جناب لیاقت علی خان: جناب سپیکر صاحب، که مداخلت نه کیږی نو بیا به زه ټهیک چلیږم-----

جناب ڈپٹی سپیکر: اختیار ولی صاحب، تاسو کښینئ جی، تاسو خپله خبره کړې ده، کښنینه، واوره چې څنګه هغوی واوریدل، لیاقت صاحب، تاسو وایئی جی۔

جناب لیاقت علی خان: چې په بجټ کښې ئے هغه خښتې راوړې وې، هغوی وائی چې بجلی ګرانه ده نو بجلی خو مانه ده ګرانه کړې، احمد کنډی صاحب وائی د Fuel پیسې پکښې راځی، بجلی تاسو د ترک نه په کرایه باندې مشینری راوړې وه په هغې دې ګرانه کړې ده، ما خو نه ده ګرانه کړې، تاسو ګرانه کړې ده، ټول عمر

تاسو دا قوم خرڅ کړے دے، زه نن په فخر سره وايم چې زما د ليډر په بهر ملکونو کښې يوه روپئی نشته، نه ئے کور شته، ټول عمر تاسو غلاګانې کړې دی او بهر ملکونو ته مو وړی دی، زما قوم غلاګانې نه دی کړی، زما ليډر نه دی کړی (تالیاں) او ان شاء الله دا به درته په دې بجټ کښې هم ثابته شی، دا دې قوم ته هم ثابته شوه چې تاسو د شپې په تياره کښې چې دولس روپئی په مونږه پټرول ګران کړل، تاسو خو به وئيل چې *یہ کوئی بے رحم انسان کر سکتا ہے* نو تاسو خو انسانيت نه پروتی يئی، تاسو خو بل طرف ته تلی يئی چې ايک سو بيس (120) روپئی تاسو پټرول ګرانوئ خو زه دا وايم چې ډيزل ډيرې ورځې اوشوې ناياب دی، په دې وجه ئے هم قيمت ګران دے چې ناياب دی، ډيزل چې کله ناياب شی نو قيمت ئے خامخا ګرانيږی، دا عرض درته لرم چې زمونږ په بجټ پسې خبرې کونکو، تاسو خپل بجټ اوګورئ چې تاسو عوامو ته څه ورکړی دی؟ زمونږ بجټ اوګورئ چې هرې ضلعې ته، هرې حلقې ته ئے يکساں بجټ ورکړے دے خو هلته تاسو په سندھ کښې اوګورئ چې زما ايم پی اے ته يوه روپئی بجټ په سندھ کښې ملاؤ شوې ده، زما ايم پی اے ته هلته بجټ نه ملاؤيږی او دلته مونږه تاسو ټولو ته مساوی بجټ درکړے دے خو تاسو صرف د ګفتار غازيان يئی او مونږ د کردار غازيان يو، مونږه ته پته ده چې مونږه د کردار غازيان يو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Windup کړئ جی۔

جناب لیاقت علی خان: جناب سپيکر صاحب، تاسو ګهنټی اوکړه، ماته پته وه چې تاسو به ګهنټی کوئ نو زه خبرې نورې نه اوږدوم، تاسو ته دعا کوؤ چې ګهنټی ئے اوکړه، د Blackberry خبرې نورې نه کوم خو په دې يو شعر درنه اجازت اخلم:

زه د وخت د هر جابر سره په ضد روان يم
ما په انکار انکار حالاتو کښې مزل کړے دے

ډيره مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب بابر سلیم سواتی صاحب، موجود نہیں۔ مسٹر محمد ادریس صاحب، موجود نہیں۔ محترمہ ثمر ہارون بلور صاحبہ۔

محترمہ ثمر ہارون بلور: بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

Thank you, Mr. Speaker, for giving me the opportunity to comment on the political manifesto of the Pakistan Tehreek-e-Insaf, which is disguised as the budget of this year.

اس صوبے کا جو یہ خود دار بجٹ ہے جس میں صرف گیارہ فیصد جو وسائل ہیں وہ ہمارے اپنے صوبے کے وسائل ہیں، ان کے اپنے Generate کئے ہوئے پراجیکٹس سے ہیں اور نوے (90) فیصد وسائل So called imported government اور جو بیرونی سازشی ممالک ہیں، ان کے رحم وکرم پر ہم بیٹھے ہوئے ہیں۔ جناب سپیکر، اس بجٹ کے اوپر میں کچھ Comments کرنا چاہوں گی، میرے بہت سارے Colleagues نے تفصیلی بات کی ہے اس لئے آپ لوگوں کا زیادہ ٹائم نہیں لوں گی۔ اس بجٹ میں ڈسٹرکٹ وائز بہت Disparity ہے، ایک Fair طریقے کے ساتھ بجٹ میں پیسوں کی Distribution نہیں ہوئی ہے۔ آپ کو میں Example دوں گی کہ ایک پسماندہ علاقہ ہے کولئی پالس، وہاں پر صرف پچیس لاکھ (25) روپے مختص کئے گئے ہیں، پھر پشاور کے لئے تیرہ اعشاریہ چار پانچ (13.45) بلین روپے رکھے گئے ہیں لیکن اصلی بات یہ ہے کہ سوات کے لئے (20.5) بیس اعشارہ پانچ بلین روپے رکھے گئے ہیں، اب معذرت کے ساتھ آج میں ذرا اپنی پارٹی کی ترجمانی کم کروں گی اور پشاور کی ایک منتخب ایم پی اے کی حیثیت سے کچھ باتیں کرنا چاہوں گی۔ ہمارے اس صوبے کا جو دل ہے وہ پشاور ہے، اس صوبے میں جب سخت وقت آیا، دہشت گردی آئی تو سب سے فرنٹ لائن پر پشاور اور پشاور کے شہری تھے، کوئی ایسا گھر، کوئی ایسا محلہ، کوئی ایسی گلی نہیں تھی کہ جہاں پر شہادتیں نہیں ہوئی ہوں، ہمارے پشاور کے انفراسٹرکچر پر سارا بوجھ پڑا ہوا ہے، ہمارے ہسپتال Use ہوتے ہیں، ہمارے پشاور میں OPDs over burdened ہیں، سکولز، کالجز، میڈیکل کالجز، بازار سب Over burden ہیں، انفراسٹرکچر سوات میں بن رہا ہے، انفراسٹرکچر ہری پور میں بن رہا ہے، کس طریقے کے ساتھ اور کس Mathematical reason کے ساتھ؟ یہ بجٹ اور Figures divided کئے گئے ہیں، اگر آپ Economic activity دیکھیں تو وہ پشاور میں سب سے زیادہ ہے، اگر آپ Contribution through sales tax, income tax, wealth tax. دیکھیں، وہ پشاور میں سب سے زیادہ ہے، پشاور کے لوگوں کے ساتھ ہی یہ حکومت بار بار سوتیلی ماؤں والا سلوک کر رہی ہے، ایڈوائزر صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، ایک اور اس حکومت نے اسمبلی کا قانون اوقاف ڈیپارٹمنٹ کے Through bulldoze کیا ہے، کل سے سارے پشاور میں جو اوقاف کے کرایہ دار ہیں وہ ہڑتال پر جا

رہے ہیں، ان کو اپنی دکانوں سے جبری طور پر نکلا جارہا ہے، آخر کار یہاں پر پشاور کا کوئی پوچھنے والا ہے یا نہیں ؟ جناب سپیکر، فنانس منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو میں یہ یاد کرادوں کہ آپ جب اپنی عیش و آرام کی زندگی چھوڑ کر آئے تھے تو یہ پشاور کے ہی شہری تھے جنہوں نے آپ کو گلے لگایا تھا اور ووٹ دیا تھا، ان کے ساتھ کم از کم آپ تو یہ سوتیلی ماؤں والا سلوک نہ کریں۔ پھر اگر آپ اے ڈی پی کی Book اٹھائیں تو پشاور کے اندر تین حلقے PK-70, PK-71 اور PK-78، ان کا کوئی نام و نشان نہیں ہے، ان کا کوئی وجود نہیں ہے، اس کی Reason یہ ہے کہ ان تین حلقوں میں عوامی نیشنل پارٹی کے منتخب نمائندے ہیں، کیا ہم انڈیا سے آئے ہوئے ہیں؟ ہم کسی دشمن ملک سے آئے ہوئے ہیں؟ کیا ہم اسرائیل کے باشندے ہیں کہ ہمارے حلقوں میں لوگوں کے کام نہیں ہوتے یا Developmental works نہیں ہوتے؟ لیکن جو میرے بھائی سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، جو میرے Colleagues سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو میں کہوں گی کہ ADP book پر بھی ایک نظر ثانی کریں، اس کے ساتھ ساتھ بلدیاتی الیکشن میں اپنے حلقوں کا ری زلٹ بھی دیکھیں، ان تین حلقوں کا ری زلٹ بھی دیکھیں، ان شاء اللہ جس طریقے سے ہم نے آپ کو بلدیاتی الیکشن میں پسپا کیا ہے، آنے والے الیکشن میں آپ کے حلقوں میں بھی اس طرح کے ریزلٹس لے کر آئیں گے، پھر یہ جو حکومت تھی، خان صاحب کے بڑے بڑے دعوے اور نعرے تھے، ہم سب یہ یقین کرتے تھے کہ یہ وہ پارٹی ہے جو Devolution of power پر Believe کرتی ہے، جو لوکل گورنمنٹ کو Empower کرنے کے لئے بہت بڑے بڑے Steps اٹھائے گی، لوکل گورنمنٹ کے لئے صرف اور صرف (41) اکتالیس بلین کی ایک چھوٹی سی اماؤنٹ رکھی گئی ہے کیونکہ جو Power اور پیسہ ہے وہ دونوں سی ایم صاحب اور فنانس صاحب نے اپنے تکیے کے نیچے رکھے ہوئے ہیں، ان کی Kitchen Cabinet ہے، وہ اپنے تکیوں کے نیچے لے کر سو رہے ہیں، سینتیس (37) بلین Settled areas کے لئے اور چار بلین روپے وہ Newly merged areas کے لئے گئے ہیں، اس رقم سے کوئی کیا کام کر سکتا ہے؟ ہمارے جو Sanitation، ہمارے جو Sewerage drainage کے جو پرابلمز ہیں جن کے لئے یہ اتنی بڑی Exercise ہوئی ہے اور Two stages میں ہم نے الیکشنز کرائے ہیں، کم از کم ان لوگوں کو آپ Empower کریں کہ وہ اپنے اپنے جو Neighborhoods ہیں، جو Village councils ہیں وہاں پر کام کریں، جس کے لئے ایک ایکٹ بنایا گیا ہے، جس کے لئے یہ قانون پاس کیا گیا ہے، ان لوگوں کو حقیقی طور پر Power devolve ہو۔ پاکستان تحریک انصاف کی

حکومت نے یہ وعدہ کیا تھا کہ تیس فیصد ہر District development fund کا لوکل گورنمنٹ کو دیا جائے گا، یہ ایک اور وعدہ تھا جس پر Unfortunately U turn لیا گیا ہے۔ آج کا جو بجٹ ہے اس میں Settled areas اور Merged areas دونوں میں بیس فیصد کی رقم دی گئی ہے اور جو وعدہ شدہ اماؤنٹ تھی تیس فیصد کی، وہ نہیں لی گئی، Settled areas میں ایک سو پچاسی (185) بلین روپے سے سینتیس (37) بلین روپے لوکل گورنمنٹ کے لئے مختص کئے گئے ہیں جو کہ بیس فیصد بنتے ہیں اور Newly merged areas میں بیس (20) بلین میں سے صرف دو اعشاریہ چار (2.4) بلین لوکل گورنمنٹ کے لئے رکھے گئے ہیں۔ ایک اور بات میں آپ لوگوں کو اس ہاؤس کو بتادوں، 2013ء کے بعد باقاعدگی سے یہ جو ہمارا بجٹ ہے یہ Lapse کر رہا ہے، اس ہاؤس میں، اس ایوان میں عوام کے ساتھ، میڈیا کے ساتھ بڑے بڑے وعدے ہو جاتے ہیں اور پھر وہ وعدے اسی ایوان کے اندر دم توڑ دیتے ہیں، وہ Carry forward ہو جاتے ہیں، وہ صرف Book میں ایک خوبصورت لکھائی بن کر رہ جاتے ہیں۔ جناب سپیکر، بہت سارے ایسے محکمے ہیں جو کہ May be سیاسی دباؤ کی وجہ سے یا انہوں نے اس پر غور نہیں کیا، ان کی میں آپ کو ایک Example دوں گی کہ جو KP OGDCL ہے جو کہ 2010ء میں بنی تھی، اس کے لئے حکومت نے کوئی رقم مختص نہیں کی، Although recently سپریم کورٹ کی بھی Hearing آئی ہے کہ جو گیس سیکٹر ہے اس کو ہمیں Revolutionized کرنا پڑے گا اور ادھر ہمیں اپنے Execution کے طریقہ کار کو بدلنا پڑے گا، آپ کے پاس ایک باڈی بنی ہوئی ہے، آپ کے پاس ایک چیز ہے، چاہیئے کہ آپ اس میں Invest کریں نہ کہ تہتر (73) کروڑ روپے اس صوبے میں Social media influencers کو دیئے جا رہے ہیں اور وہ صرف اور صرف ایک پارٹی کے بارے میں بات کرنے کے لئے۔ جناب سپیکر، میں آخری ایک پوائنٹ بتانا چاہتی ہوں، یہ اچھا ہے کہ فنانس منسٹر صاحب سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے Recently سوشل میڈیا پر بہت زیادہ شور برپا کیا ہے کہ Newly merged areas جو صحت کارڈ ہے، اس کے لئے فیڈرل گورنمنٹ نے فنڈنگ ختم کر دی ہے، جس پر میں بھائی کو دو باتیں بتانا چاہوں گی، سب سے پہلے تو یہ کہ اس بات کی جو سمری تھی وہ February end کے قریب پاس ہوئی ہے، جب آپ کے بڑے حکومت میں بیٹھے ہوئے تھے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ایک Government correspondence ہے جس میں لکھا ہوا ہے کہ خیبر پختونخوا گورنمنٹ پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ رجوع کرے اور اس رقم کے بارے میں ان سے

ڈائریکٹ رجوع کرے، اب منسٹر صاحب جو دو محکمے لے کر بیٹھے ہوئے ہیں یا وہ Correspondence کو سمجھتے نہیں یا وہ ہم سب کو Play کر رہے ہیں جناب سپیکر صاحب، یہ ایک سوال ہے جو میں ان سے نہیں کر سکتی لیکن May be آپ ان سے کر لیں گے۔ یہ کچھ باتیں تھیں، یہ میرے اس Politicalized budget کے اوپر کچھ تحفظات تھے، Thank you once again مجھے ٹائم دینے کے لئے شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب رنگیز خان صاحب۔

جناب رنگیز احمد: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر، سب سے پہلے تو اختیار ولی خان صاحب نے جو تقریر کی وہ بہت اچھی تقریر تھی لیکن کچھ عرصہ پہلے میں دیکھتا تھا کہ یہ پیٹ پر پتھر باندھتے تھے، ایک سائیکل پر گھوما کرتے تھے، آج کل ان کی حکومت وہاں پر آ گئی ہے، یہ پیٹ بھر کر کھانا بھی کھاتے ہیں، ڈیزل اور پٹرول بھی Afford کر سکتے ہیں، میں چاہوں گا کہ وہ دونوں چیزیں مجھے فروخت کریں، اب ہمیں ان چیزوں کی ضرورت ہے۔ جناب سپیکر، جہاں تک بجٹ کی بات ہے، میں موجودہ صوبائی حکومت کو مبارک باد دیتا ہوں کہ مجموعی طور پر بڑا اچھا بجٹ پیش کیا ہے، شاید یہ صوبے کا سب سے بڑا بجٹ ہو لیکن جہاں قبائلی اضلاع کے صحت کارڈ کا جو ایشو ہے، اس کی میں مذمت کرتا ہوں، چاہے وہ مرکز کی طرف سے ہو یا صوبے کی طرف سے ہو، میں مطالبہ کرتا ہوں کہ یہ سہولت ان کو مہیا کی جائے، اس پر پابندی نہ لگائی جائے۔ مجموعی طور پر صحت کارڈ کے اندر جو صوبے کے عوام کے لئے سہولتوں میں اضافہ کیا گیا ہے وہ خوش آئند ہے، پورے صوبے کے عوام کے لئے بڑی نعمت سے کم نہیں ہے لیکن میرے حلقے میں 2019ء میں سی ایم صاحب نے Visit کیا تھا، وہاں انہوں نے ایک کیٹیگری ڈی ہاسپیٹل اناؤنس کیا تھا، دو سال پہلے وہ اے ڈی پی کے اندر Reflect بھی ہوا Social feasibility کے لئے اور دو سال بعد آج میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ اے ڈی پی سے ڈراپ کیا گیا ہے، مجھے یہ بتایا جائے کہ کیا وہ Feasibility صحیح نہیں تھی یا اس کی Feasibility بنی ہی نہیں ہے یا اگر وہ Non feasible ہے تو مجھے وہ دکھایا جائے کہ کس وجہ سے Non feasible ہے؟ میرے حلقے میں جہاں تقریباً چار یونین کونسلوں کے اندر بی ایچ یوز کے علاوہ کوئی Health facility نہیں ہے۔ جناب سپیکر، اس کے ساتھ ہری پور ڈسٹرکٹ کی جو دو یونین کونسلز لگتی ہیں دریائے سندھ کے اس پار، وہاں بھی کوئی Health facility نہیں ہے۔ تورغر کا کچھ ایریا ہے، دریائے سندھ کی اس طرف، ان کا بھی سارا آنا جانا میرے حلقے سے ہے، ان کو بھی یہ سہولت ملنی تھی اور بونیر کا کچھ ایریا ہے، یعنی یہ چار ڈسٹرکٹس کا جو بارڈر ہے اور ان چاروں ڈسٹرکٹس کے لوگوں کو اس سے

فائدہ ہونا تھا۔ جناب سپیکر، ایک سو کلو میٹر کے اندر کوئی Health facility نہیں ہے سوائے بی ایچ یوز کے، میں حیران ہوں کہ کس طرح اس کو ڈراپ کیا گیا ہے؟ جہاں پر Settled area کے اندر تقریباً چھ چھ کلو میٹر کے اندر آر ایچ سیز بنے ہوئے ہیں جو کہ Illegal ہیں جن کا Distance میرے خیال میں کوئی بارہ یا بیس کلو میٹر ہے، ایک آر ایچ سی کا تو پانچ پانچ، چھ چھ کلو میٹر جو پانچ منٹ کا Drive ہوتا ہے وہاں پر آر ایچ سیز بنتے ہیں لیکن ایک اکلوتا کیٹیگری ڈی ہاسپیٹل جو میرے حلقے میں بننا تھا، اس سے پورے ایک سو کلو میٹر ایریا کے لوگوں کو فائدہ ہونا تھا، وہ کیوں ڈراپ کیا گیا؟ مجھے اس بارے میں بتایا جائے۔ جناب سپیکر، دوسرا ایک اہم ایشو اس وقت یہ ہے کہ صوبے کے اندر جانوروں کی ایک بیماری آئی ہوئی ہے جس کو Lumpy skin بیماری کہا جاتا ہے، وہ بیماری اس صوبے میں بڑی تیزی سے پھیلی ہے، جانوروں کی یہ بیماری سندھ سے شروع ہوئی تھی اور فروری میں اسلام آباد میں اس کے اوپر ایک میٹنگ ہوئی، تمام صوبوں کو بتایا گیا کہ وہ قبل از وقت اس سے پہلے کہ یہ بیماری دوسرے صوبوں میں پھیلے، اس کے تدارک کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ ہمارے ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کا جو لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ ہے، انہوں نے اس بیماری کی روک تھام کے لئے گورنمنٹ سے مارچ میں ڈیمانڈ کی ہے کہ انہیں پانچ سو ساٹھ (560) ملین روپے مہیا کئے جائیں تا کہ یہ بیماری پہنچنے سے پہلے ہم اقدامات کریں، اس کے لئے میڈیسن اور ویکسین خریدی جائیں لیکن اس بات کو بہت Light لیا گیا، تقریباً 22 اپریل کو۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: رنگیز خان صاحب، آپ بجٹ پر بات کریں۔

<u>جناب رنگیز احمد</u>: جناب سپیکر صاحب، یہ بجٹ سے بھی اہم ایشو ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نہیں نہیں، آپ بجٹ پر بات کریں، دیکھیں فنانس منسٹر صاحب کو بھی جواب دینا ہے، کافی لمبی تقریریں ہوتی ہیں۔

<u>جناب رنگیز احمد</u>: 22 اپریل کو یہ بیماری صوبے کے اندر آئی ہے اور مئی کے End میں، یہ فنانس منسٹر بیٹھے ہیں، وہ سن رہے ہیں، یہ بجٹ سے زیادہ اہم ایشو ہے، جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ بجٹ پر بات کریں۔

<u>جناب رنگیز احمد</u>: یہاں پر ہزاروں جانور مر گئے ہیں اور لوگوں کا اربوں اور کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ جناب سپیکر، اس پانچ سو ساٹھ (560) ملین کی ڈیماند کے Against صرف ایک سو ملین روپے منظور ہوئے ہیں لیکن وہ بھی ابھی تک ڈیپارٹمنٹ کو نہیں ملے لیکن لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ نے یہاں پر خود

میڈیسن بھی خریدی اور ویکسین بھی لیکن انہوں نے جو پانچ سو ساٹھ (560) ملین کی ڈیمانڈ کی تھی، ابھی وہ بیماری ایک ارب روپے سے بھی قابو نہیں ہو رہی ہے، آئندہ جو بڑی عید آ رہی ہے، جتنے بھی بیوپاری ہیں، وہ بڑی عید کے لئے جانور نہیں خریدتے کیونکہ جس جانور کو یہ بیماری لگی ہوئی ہے، اگر اس کو ذبح کیا جائے تو قصائی بھی اس کو لینے سے انکاری ہے، اس کا گوشت خراب ہو جاتا ہے، آئندہ جو عید آ رہی ہے، اس سے عوام کو بڑی مشکلات ہوں گی، اس کے اوپر میری ریکویسٹ ہے، وزیر خزانہ صاحب سے بھی اور گورنمنٹ سے بھی کہ ان کے لئے فنڈ مہیا کیا جائے۔ انہوں نے جو دس کروڑ روپے منظور کئے ہیں وہ بھی Account freeze ہوا ہے، انہوں نے اپنے رسک پر جو میڈیسن لی ہے، ان کو بھی ابھی تک وہ پیسے ریلیز نہیں ہوئے، اس کے تدارک کے لئے آپ کی مہربانی ہوگی کہ اس کے لئے اقدامات کئے جائیں اور اس کو فنڈ مہیا کیا جائے، یہ عید عوام کے لئے بڑی بھاری گزرے گی کیونکہ جانور ملنا بڑا مشکل ہوگا۔ مہربانی، تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب اجمل خان صاحب۔

جناب اجمل خان: محترم سپیکر صاحب، شکریہ کہ آپ نے قبائلی ممبر کو ٹائم دیا ہے۔ کل ہمارے قبائلی ممبران نے بجٹ پر بات کی، قبائل کی نمائندگی کی، تاریخ میں پہلی بار قبائلی ممبران نے اس اسمبلی کے فلور پر بات رکھی کہ آج ہم اس صوبے کا حصہ ہیں، ہمیں اس پر فخر ہے، ہم نے اس دن بات کی کہ ہم آپ کے بھائی ہیں، ہم قبائل بہت پسماندہ ہیں اور ہم قبائل بنیادی ضروریات اور سہولیات سے محروم ہیں، پانی نہیں ہے، ڈاکٹر نہیں ہے، ہسپتال سکول نہیں ہے، روڈ نہیں، گیس بجلی نہیں ہے، ہمارے یہ مسائل ہنگامی طور پر حل کئے جائیں۔ جناب سپیکر، آج بھی ہم یہی بات کرتے ہیں، ہمارا یہی مطالبہ ہے، کل اس پر ہمارے مشر انور زیب خان نے بات کی، نصیر اللہ وزیر نے بات کی، ہمارے اور ساتھوں نے بات کی، یہی ہمارے Real مسائل ہیں، یہی ہماری بنیادی ضرورت ہے، بنیادی مسئلے ہیں۔ جناب سپیکر، اس پر آج وزیر اعلیٰ صاحب سے ہماری میٹنگ ہوئی ہے، قبائلی ممبران اس میں سب موجود تھے، اس میں تیمور خان فنانس منسٹر صاحب اور شوکت یوسف زئی صاحب بھی موجود تھے، وزیر اعلیٰ صاحب نے ہدایت کی کہ قبائل کے مسئلے حل ہونے چاہئیں، ہم قبائل کے جو مسئلے ہیں وہ ہنگامی بنیادوں پر حل کریں گے۔ آج بھی منسٹر فنانس بیٹھا ہوا ہے، ہمارا یہی مطالبہ ہے کہ ہمارے مسائل حل کرنے کے لئے ایک Mechanism ہونا چاہیئے، یہ ہنگامی بنیادوں پر حل ہونے چاہئیں، یہ ہمارا بنیادی حق ہے، ہمارا بجٹ پورا ہونا چاہیئے، اس کی ایلوکیشن اور اس کی Implementation ہونی چاہیئے، یہی مطالبہ ہمارا امپورٹڈ حکومت سے بھی ہے، ان دو مہینوں

میں انہوں نے عام آدمی کے ساتھ جو کچھ کیا، قبائل کا تو جینا ہی مشکل ہو گیا ہے، اتنی مہنگائی آئی ہے کہ تاریخ میں یاد رکھا جائے گا کہ اس نے کیا کیا؟ ہمیں این ایف سی ایوارڈ تین فیصد پورا ملنا چاہیئے، اسی میں قبائل کے مسائل کا حل ہے۔ جناب سپیکر، میں نے یہ بات پہلے بھی کی ہے کہ سندھ ہمارا حصہ دے، پنجاب ہمارا حصہ دے، بلوچستان ہمارا حصہ دے، مرکز ہمارا حصہ دے، آج امپورٹڈ حکومت نے ہمارا بجٹ بیس ارب روپے کم کیا ہے، کیا ہمارے مسائل حل ہو گئے ہیں؟ ہمارے قبائل کے صحت کارڈ کو روک رہے ہیں، اگر ہمارے یہ مسئلے امپورٹڈ حکومت حل نہیں کر رہی ہے، ہمیں اپنا بجٹ پورا نہیں دے رہی ہے یا ہمارے صحت کارڈ میں ردوبدل کر رہی ہے، قبائل کی تاریخ بھی گواہ ہے، پھر یہ سادہ مارچ نہیں ہو گا، پھر یہ عام بات نہیں ہو گی، پھر یہ قبائل باجوڑ سے لے کر وزیرستان تک بارڈر پر نہیں ہوں گے، ہمارے آباء واجداد نے اس کی حفاظت اپنی ایک سادہ بندوق اور پرانے ہتھیاروں سے کی ہے، تلوار سے کی ہے، پھر ہم اسلام آباد جائیں گے، بیشک یہ ہمارا ملک ہے، ہمارا مارچ اور ہمارا احتجاج پرامن ہو گا، وہاں ہمارے پاس ایک چادر ہو گی جو اس چادر کو ہم وہاں پتھر پر بچھا کر بیٹھ جائیں گے، پھر ہم نہ ریڈ زون کو جانتے ہیں نہ دوسرے زون کو جانتے ہیں، وہاں پر بیٹھ کر دھرنا دیں گے اور تاریخی دھرنا دیں گے۔ جناب سپیکر، مرکز کو چاہیئے کہ قبائل کے مسائل حل کرے، یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اس Merger کو کامیاب کریں، اپنا اپنا کردار ادا کریں۔ جناب سپیکر، باتیں تو بہت ہیں لیکن ٹائم بھی اہم ہے اور ممبران بھی بات کریں گے، میں بس ایک شعر کے ساتھ اجازت لوں گا، قبائلی عوام کو یہ باور کرا دیتا ہوں کہ آج ہمارے ساتھ جو میٹنگ ہوئی ہے، ان شاء اللہ ہمارے مسائل فوری طور پر حل ہوں گے اور عمران خان ہی اس ملک کو آگے لے جانے، یہ مہنگائی کم کرنے اور آزاد خارجہ پالیسی بنانے کے لئے اس ملک کا واحد حل ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ فوراً الیکشن کرائیں اور عمران خان ان شاء اللہ دوبارہ دو تہائی اکثریت سے حکومت میں آئے گا۔۔۔۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Thank you.

<u>جناب اجمل خان:</u> عمران خان وزیراعظم ہو گا اور قبائل کے مسئلے حل ہوں گے۔ آخر میں ایک شعر قبائلو ته او قبائلی ممبرانو ته دې ډالئې وی:

ے ملګرو پام کړئ وارخطا چې نه شئ
د خپل منزل نه را ترشا چې نه شئ
تیارې ختمیږی اوس رنړا راخیژی
ګورئ تیارو سره پخلا چې نه شئ

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب اقبال وزیر صاحب۔

جناب محمد اقبال خان(وزیر امداد، بحالی وآباد کاری): شکریه جناب سپیکر صاحب، اختیار ولی صاحب د وزیرستان د یونیورسټۍ خبره اوکړه نو زه په معذرت سره اختیار ولی صاحب ته وایم چې که ستاسو په امپورټډ ګورنمنټ کښې لږ حیا او شرم وی نو تاسو به د وزیرستان نوم نه اغستلو، وزیرستان د دوئ د لاسه تباه دے، وزیرستان چې کله امپورټډ ګورنمنټ راشی نو وزیرستان تباه شی، که د وزیرستان آپریشن دے نو امپورټډ ګورنمنټ کړے دے او چې په کوم ټائم کښې آپریشن شروع وو نو دا امپورټډ وزیراعظم شهباز شریف راغلے وو، د دانش پبلک سکول اعلان ئے کړے وو او اوس هغه نشته، اته کاله تیر شو، دوئ دې دا یونیورسټی ماته نه راوړی چې هغه کوم څه ئے وئیلی دی هغه دې دوئ ته ور اورسوی چې کوم اعلان دوئ په هغه مخکښې ګورنمنټ کښې کړے وو۔ جناب سپیکر، د یونیورسټۍ پراجیکټ دا د پی ټی آئی ګورنمنټ عمران خان اعلان کړے دے، د دې ټول Proof موجود دی، اسد عمر صاحب په دې ډیر زیات کار کړے دے خو دوئ دې په دوه ورځو کښې ماته یونیورسټی نه راوړی او دا کوم نقصان ئے چې وزیرستان ته ورکړے دے، دا کومه تباهی چې دې امپورټډ ګورنمنټ کړې ده، هغه که بازارونه دی، هغه که کورونه دی، د دوئ د وجې وران شوی دی او دې امپورټډ ګورنمنټ نواز شریف (تالیاں) په هغه ځائې کښې فیصله کړې وه چې کوم بازار، کوم کور په دې آپریشن کښې مسمار شی نو هغه به Black declared وی۔ جناب سپیکر، زما پرائم منسټر عمران د Black declare په ځائې هغه بازار او هغه کورونو ته بنه بهرپور Compensation ورکړو، رنګ کړی امپورټډ ګورنمنټ دی، او بل ئے اوس دا زیاتے شروع کړے دے چې زمونږ په وزیرستان، ذاتی زما په تحصیل، زما په کلی کښې، زه الحمد لله ټولې صوبې ته مبارکی ورکوم چې ګیس راوتلے دے جناب سپیکر، نو د هغه ګیس نه دوئ خبر شوی دی، دوئ د بل ډسټرکټ نه بهرتئ پرې شروع کړې دی، ګیس په نارته وزیرستان کښې راوتلے دے او نوم ئے نارته ویسټ بنوں ورکړے دے، زه دې امپورټډ ګورنمنټ ته د دې اسمبلۍ د فلور

نه دا Warning ورکوم چې دې ته دې دوئ نه خوشحالیږی چې د دوئ هغه پټرولیم منسټر راځی یا وزیراعظم راځی او هلته افتتاح کوی، جناب سپیکر، هلته بنه پرزور احتجاج شروع دے او ان شاء اللّٰه که په دیکښې دوئ دا نوم زر چینج نه کړو، ځکه چې دا پراجیکټ، دا منصوبه خان صاحب چې پرائم منسټر وو نو هغه راوړې ده، نو په دیکښې زه دوئ ته د دې اسمبلئ د فلور نه دا Warning او دا ریکویسټ کوم چې که زمونږ د قوم تاسو د ګیس او د پټرولیم دا جائزې مطالبې اونه منلې نو دا دهرنا به په ریډ زون، په ډی چوک کښې ناسته وی او تر هغې پورې چې څو پورې دوئ دا مطالبات نه وی منلی، (تالیاں) د وزیرستان Original دښمن دا امپورټډ ګورنمنټ دے او زه بیا اختیار ولی صاحب ته وایم چې د وزیرستان نوم بیا په خله وانخلې او د وزیرستان د پاره چې تاسو کوم څه کړی دی هغه په ګراؤنډ موجود دی او زه میر کلام صاحب ته وایم چې تاسو د ډیویلپمنټ خبره مه کوئ، ته او محسن داوړ ئے مه کوئ، ستاسو ووټ خو ستا د پرائم منسټر دے خو ستاسو پرائم منسټر ملزم دے، زما لیډر سپریم کورټ امین او صادق Declare کړے دے-----

Mr. Deputy Speaker: Order in the House.

وزیر امداد، بحالی و آباد کاری: دا ستاسو ټوله کابینه ملزمه ده او ته په کومه خله د وزیرستان نامه اخلې-----

جناب اختیار ولی: جناب سپیکر-----

جناب ڈپٹی سپیکر: اختیار ولی صاحب، Cross talk نہ کریں، اقبال وزیر صاحب، چیئر کو ایڈریس کریں۔

وزیر امداد، بحالی و آباد کاری: او ته د کوم ځائې ئې؟ ته خو په سائیکل روان وې، تا وزیر ستان کتلے دے؟ تاسو خو د وزیرستان بنیاد ویستلے دے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: اقبال وزیر صاحب، چیئر کو ایڈریس کریں۔

وزیر امداد، بحالی و آباد کاری: که ته پښتون ئې نو تاسو ته به دا Imported نوم نه اغستلے کیدو، ستاسو ګورنمنټ او ستاسو وزیراعظم خو د وزیرستان وینی څښکلې دی نو بیا ته د اسمبلئ په فلور باندې د وزیرستان نوم وانخلې- ----

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: Cross talk نہ کریں۔

وزیر امداد، بحالی و آبادکاری: دا وزیرستان خو ستاسو دي Imported، دا د Foreign agent وزیراعظم، دا ملزم، دا چور، دوئ خو د وزیرستان وینی ښبنکلي دی، ته په۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ اقبال وزیر صاحب، آپ بیٹھ جائیں، مائیک Off کریں، آپ بیٹھ جائیں، ایک منٹ جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، کورم۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر کورم کی نشاندہی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی نے کورم کی نشاندہی کی ہے، آپ بیٹھ جائیں، سیکرٹری صاحب، کورم Count کریں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: چھیالیس (46) اراکین اسمبلی موجود ہیں، کورم پورا ہے۔ جناب ہدایت الرحمان صاحب۔

جناب ہدایت الرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ دسمبر کے موسم میں جب برفباری ہوئی تھی، اس وقت میں نے کئی مرتبہ کال اٹنشن (نوٹسز) جمع کئے تھے، چونکہ مری وغیرہ میں جو آفت آئی تھی، اس طریقے سے چترال میں بھی پریشانی تھی، گلیات وغیرہ میں تھی، چونکہ حالات بڑے خراب تھے، مشینوں میں ڈالنے کے لئے تیل تک نہیں تھا، اس وقت جب میں نے لوکل گورنمنٹ سیکرٹری صاحب سے رابطہ کیا تو ان کے پاس بھی کوئی فنڈ نہیں تھا، انہوں نے کہا کہ آپ محکمہ ریلیف والوں سے ملیں، میں نے ریلیف سیکرٹری صاحب سے میٹنگ کی، ان کے پاس بھی کوئی انتظام نہیں تھا، تو پھر میں فنانس جاکر وہاں سے تھوڑے بہت منظور کرا کے چترال کے روڈز کو بڑی مشکل سے صاف کرائے۔ جناب سپیکر، آپ سے گزارش ہے کہ اس بجٹ میں محکمہ ریلیف یا کوئی اور محکمے میں ایسا فنڈ رکھا جائے جو ایمرجنسی کی صورت میں برف صفائی اور دوسری مختلف آفات جو ہمارے پہاڑی علاقوں میں آتی رہتی ہیں، ان کے لئے کوئی خاص فنڈ مختص کیا جائے تاکہ کوئی بڑی آفت سے علاقہ بچا

جا سکے۔ جناب سپیکر، ساتھ ساتھ ہماری بجلی کا نظام آپ کے علم میں ہے، پورے صوبے میں حالت خراب ہے، سب سے زیادہ بجلی ہمارے صوبے میں ہونے کے باوجود اور خاص کر چترال میں کم از کم ایک سو پچاس(150) میگاواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے اور وہ نیچے بھی دی جاتی ہے لیکن ہمارے چترال اور خاص کر اپر چترال میں تو دو گھنٹے، تین گھنٹے بھی بجلی نہیں ملتی، خاص کر جو ہمارا صوبائی محکمہ PEDO ہے، اس کا نظام اتنا خراب ہے کہ اس کے ٹرانسفارمرز سارے خراب، اس کی لائنیں خراب، اس کے کھمبوں کی جگہ لکڑیوں کے کھمبے لگے ہوئے ہیں، اکثر علاقوں میں کوئی پچاس وولٹیج کی بھی بجلی نہیں آتی، جناب سپیکر، آپ سے گزارش ہے کہ PEDO کے لئے بھی فنڈ مختص کیا جائے تاکہ بجلی کا نظام اپر چترال میں ٹھیک ہو، واپڈا کے پاس بھی یہی حالت ہے، ایک تو اس مہنگائی میں لوگ بل دیتے ہیں اور اس کے باوجود لوگ اپنے ٹرانسفارمرز خود آپس میں چندہ کر کے ٹھیک کراتے ہیں۔ جناب سپیکر، یقیناً یہ ہماری حکومت کے لئے بہت زیادہ افسوس کی بات ہے، ان چیزوں کے لئے فنڈ مختص ہونا چاہیئے۔ ساتھ ساتھ ہمارے چترال کے روڈوں کی حالت تو آپ سب کے علم میں ہے، چودہ ہزار مربع کلومیٹر چترال میں کوئی پانچ کلومیٹر کا روڈ بھی صحیح طریقے سے پکا نہیں ہے، جناب سپیکر، آپ سے میری گزارش ہے، چونکہ اس بجٹ میں ہمارے چترال کے لئے کوئی خاص فنڈ مختص نہیں رکھا گیا ہے، آپ سے میں گزارش کروں گا، خاص کر مستوج بر غول اور ارندو روڈ کو اے ڈی پی میں شامل کریں یا کوئی امبریلہ سکیم میں ان کے لئے فنڈ مختص کر کے فوری طور پر مستوج روڈ اور ارندو روڈ پر کام چالو کیا جائے۔ اس کے ساتھ ہمارا ایک ایریگیشن چینل ہے، ملکو کارلش ایریگیشن چینل جو ہمارے سی ایم صاحب نے ہمارے ساتھ وعدہ بھی کیا تھا، اس کے لئے بھی اگر فنڈ مختص کریں تو ان شاء اللہ ہم چترال والے، یقیناً Backward علاقہ ہے، چترال کے لوگ یقیناً احسان فراموش نہیں ہیں، ان شاء اللہ وہ جواب اچھے طریقے سے دیتے ہیں، اگر چترال کا خیال رکھیں گے تو ان شاء اللہ چترال کے لوگ بھی خیال رکھیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمیں بارڈر پر بڑی مشکلات ہیں، چونکہ ابھی مہنگائی عروج تک پہنچی ہے، لوگ پریشان ہیں، افغانستان کے ساتھ دونوں بارڈر ایک تو گرم چشمہ سائڈ سے لگتا ہے، ایک ارندو، اگر بارڈر کھولا جائے تو اس سے ہمارا کاروبار ہو گا، چترال کی جو مالی مشکلات ہیں وہ کم ہوں گی، آپ سے اس کے لئے ہماری خصوصی گزارش تھی، بڑی مہربانی۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Ms. Sajida Hanif Sahiba.

محترمہ ساجدہ حنیف: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ مجھے تھوڑا سا بولنا ہے لیکن کل شگفتہ صاحبہ نے ایک نکتہ اعتراض پر کہا کہ ہمارے جو بجٹ کا Booklet ہے، اس کو ڈسکس کیا کہ اس کا جو جھنڈے کی طرح رنگ

ہے، اس کو پتہ نہیں کہ کیسے اس میں فلاں فلاں کا نام ہے، اس طرح وہ Utilize ہوا ہے، لہذا اس کا جو خرچہ ہے وہ بنی گالہ سے لیا جائے۔ اچھا ہے، اگر انسان مخالفت برائے مخالفت کرے تو پھر سب ٹھیک ہے لیکن اس کے جواب میں میں یہ کہنا چاہ رہی ہوں، شگفتہ صاحبہ ہماری بڑی معزز رکن ہیں، بہت سمجھدار ہیں، ہمارے ہاں جو مختلف۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ بجٹ پر تقریر کریں۔

<u>محترمہ ساجدہ حنیف</u>: دیکھیں، یہ بجٹ سے ہی متعلق ہے، بجٹ پیپر پر یہ اعتراض ہوا تھا، میں وہی اس لئے کہہ رہی ہوں کہ باچا خان میڈیکل کالج بنتا ہے، کسی نے کوئی نکتہ اعتراض نہیں اٹھایا کہ باچا خان کا نام کیوں رکھا ہے؟ کیا اس کا فنڈ باچا خان کے ولی باغ سے آیا ہے (تالیاں) ہمارے ہاں یونیورسٹی بنتی ہے، باچا خان یونیورسٹی ہے، کیا اس کا فنڈ ہم نے ولی باغ سے منگوایا ہے؟ یا اگر ہمارے ہاں دوسری ولی خان یونیورسٹی بنتی ہے یا یہ بے نظیر یونیورسٹی بنتی ہے، یہ سب عوام کا مجموعی پیسہ ہوتا ہے، ان کے ٹیکس سے بنی ہوتی ہے، اسی پر کسی کا نام نہیں لکھا ہوتا، اگر نکتہ اعتراض یہ ہے تو پھر ان سب کے لئے لاڑکانہ سے بھی آنا چاہیئے اور ولی باغ سے بھی، پھر بہت کچھ آنا چاہیئے، بس میں نے یہی کہنا تھا۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ تیمور سلیم جھگڑا صاحب، نثار مہمند صاحب، آپ بیٹھ جائیں۔ جی تیمور صاحب، آپ سٹارٹ کریں، یہ لگے رہیں، آپ شروع کریں۔

(شور)

<u>جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ)</u>: جناب سپیکر، باچا خان ایک تاریخی شخص تھے، میں انہی سے شروع کرتا ہوں، باچا خان قابل قدر شخصیت تھے۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تیمور خان کو مائیک دے دیں۔

(شور)

<u>وزیر خزانہ</u>: جناب سپیکر، میں شروع ہی اسی سے کرنا چاہتا ہوں کہ باچا خان ایک قابل قدر شخصیت تھے، سارے پختونوں کے لئے، ساری پختون قوم ان پر فخر کرتی ہے، اس میں کوئی بری بات نہیں ہے، انہوں نے جو بات کی ہے، اس بات میں بہت سچائی ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: تیمور صاحب، آپ شروع کریں۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: نثار مہمند صاحب، آپ بیٹھ جائیں، میں آپ کو Warn کر رہا ہوں، میں آپ کو Warn کر رہا ہوں۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں آپ کو باہر نکال دوں گا، آپ بیٹھ جائیں، صلاح الدین، آپ بیٹھ جائیں، بہادر خان صاحب، آپ بیٹھ جائیں، .Order in the House

(شور)

وزیر خزانہ: جناب سپیکر، آپ نے جس طریقے سے بجٹ سیشن Lead کیا اور اپوزیشن نے جس طریقے سے وہ تقریر سنی تو میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ابھی آرام سے یہ سنیں اور سیشن کو ایسے ہی آگے بڑھائیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: تیمور صاحب، آپ شروع کریں۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: ان کو ویسے بھی نہیں سننا، ان کو سننا ہی نہیں ہے، آپ شروع کریں۔

وزیر خزانہ: ٹھیک ہے جناب سپیکر، آپ انہی Comments سے دیکھ سکتے ہیں کہ اس بجٹ پر اپوزیشن کو Political comment کرنے کے علاوہ کوئی اور موقع نہیں ملا۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Continue کریں۔

وزیر خزانہ: صرف اور صرف۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: نثار مہمند صاحب، آپ بیٹھ جائیں، اپوزیشن والے ارکان بیٹھ جائیں، نثار مہمند صاحب، آپ بیٹھ جائیں۔

(شور)

وزیر خزانہ: جناب سپیکر صاحب، اجازت ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، آپ شروع کریں۔

(شور)

وزیر خزانہ: جناب سپیکر صاحب، بجٹ پر فائنل تقریر فنانس منسٹر کرتے ہیں اور ابھی میں امید کروں گا کہ اپوزیشن سنے گی تاکہ ایک سنجیدہ طریقے سے پراسیس کو آگے لے کر جائیں۔ آگے کٹ موشنز Demands for grant، پھر سپلیمنٹری بجٹ اور جیسے میں نے پہلے کہا کہ میں شروع اس سے کرتا ہوں، باچا خان سب کے لئے ایک قابل قدر شخصیت تھے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، یہ کہنے کے بعد میں یہ کہوں گا کہ صرف اور صرف اس بجٹ پر سیاسی کمنٹس آئے ہیں، بجٹ کے بارے میں تقریباً کوئی ٹیکنیکل بات ہوئی ہی نہیں، شاید اپوزیشن کے پاس تنقید کرنے کے لئے کچھ ہے ہی نہیں لیکن انہوں نے پولیٹیکل باتیں کی ہیں، (تالیاں) تو پھر ایک پولیٹیکل بات میں بھی کروں گا۔ ان کو ایک تنقید یہ ہے کہ یہ بجٹ اور اس کی کتاب سبز اور لال کیوں ہے؟ جناب سپیکر، یہ ہماری پارٹی کا منشور ہے، ہماری پارٹی کا Flag ہے، ہمیں عمران خان پر فخر ہے (تالیاں) ہماری پارٹی کی گورنمنٹ ہے، بجٹ ایک Political government کا ہوتا ہے (تالیاں) ہماری پارٹی Political vision کو Represent کرتی ہے، اسی لئے یہ ایک Political budget ہے، اگر آپ اس کو Political budget کہنا چاہتے ہیں تو بالکل یہ ایک Political budget ہے لیکن میں آپ کو کہتا ہوں کہ اس Political budget میں اور باقی پاکستان کے Political budgets میں فرق کیا ہے؟ جناب سپیکر، آپ کو پتہ ہے کہ آج کل میڈیا زیادہ تر ہماری تعریف نہیں کرتا، سوائے اے آر وائی اور ایک دو چینلز کے نام بھی میں لے لیتا ہوں لیکن یہ پاکستان میں سب سے زیادہ پڑھا جانے والا انگریزی اخبار "ڈان" اور اس اخبار کا کل کا بزنس سیکشن جس میں تین صوبوں کے بجٹ کو ایک پیج پر خلاصہ کیا، اس کی ہیڈلائنز کو میں پڑھ دیتا ہوں، یہی تین ہیڈلائنز اپوزیشن کو بجٹ کا جواب ہے۔ جناب سپیکر، پنجاب کے بجٹ میں یہ اخبار لکھتا ہے، Toeing the federal line یعنی وفاقی بجٹ کی چمچہ گیری کرتے ہوئے، Following the Centre's script of unrealistic numbers, Punjab has opted for benevolent but mostly wasteful expenditure، پیسے ضائع کر رہا ہے۔ جناب سپیکر، ہمارے پاکستان مسلم لیگ نون کے بھائی یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، یہ "ڈان" کہہ رہا ہے، آج کل سارے

اشتہارات بھی اس کو امپورٹڈ حکومت سے ملتے ہیں۔ جناب سپیکر، سندھ کے بارے میں ہمارے اے این پی کے بھائیوں اور بہنوں کو بھی پیپلز پارٹی سے بہت محبت ہے، سندھ کے بجٹ کے بارے میں یہ کہتا ہے، A typical PPP budget, "The Provincial Government continues to walk on the beaten path"، گھسے پٹے پر جارہا ہے، "that has landed it firmly far behind Punjab"، پنجاب کو بہت پیچھے چھوڑا ہوا ہے، یہ وہ اخبار کہہ رہا ہے جو کراچی میں سب سے زیادہ پڑھا جاتا ہے، ثمر بی بی بھی سن لیں، کیونکہ کراچی میں بڑی ہوئی ہیں، ان کے وقت کا کراچی اور آج ان کے Allies کا جو کراچی ہے، اس میں بہت فرق ہے۔ جناب سپیکر، پی ٹی آئی کا بجٹ، کہتا ہے کہ "an eye to the future"، مستقبل کی طرف دیکھتا ہوا (تالیاں) جناب سپیکر، کہتا ہے، "the province has quite intelligently knitted together populism"، یہ تو ہمارے سیاستدانوں کا کام ہے کہ ہم وہ چیزیں کریں جن کے لئے عوام زندہ باد کہیں، "and reforms" کا مطلب سب کو پتہ ہے، "without compromising on their larger future agenda"، کہ مستقبل کے ایجنڈا پر کوئی Compromise نہیں کیا (تالیاں) صرف یہ خیبر پختونخوا کے بجٹ کے بارے میں ہے۔ اگر یہ Political budget ہے، یہ وہی بجٹ ہے جو عمران خان صاحب کے Vision کو Represent کرتا ہے اور اس Vision کو جیسے اس اخبار نے بیان کیا، That is no love lost for Imran Khan، اس کے Comments آپ کے سامنے ہیں۔ جناب سپیکر، میں صرف اس سپیچ میں کچھ بڑے بڑے نکتوں پر جس میں بہت بڑے سنجیدہ نکتے ہیں، ان پر ڈیبیٹ کرنا چاہتا ہوں۔ سب سے پہلے میں قرضوں کے بارے میں بات کرنا چاہوں گا کیونکہ یہاں پر قرضوں پر ڈیبیٹ ہوئی، میڈیا میں بھی ڈیبیٹ ہوئی کہ اس صوبے کے قرضہ جات تقریباً ایک سو ارب سے لے کر آٹھ سو اسی (880)، اور آٹھ سو نوے (890) ارب تک گیے ہیں۔ جناب سپیکر، چونکہ ممبر زوہ تو آتے جاتے ہیں، پہلے تو یہ دوبارہ سے وضاحت کروں کہ ہمارا قرضہ تین سو تیس (330) ارب ہے، آج یہ صوبہ سارے پبلک کے لئے، سارے میڈیا کے لئے ایک Debt bulletin ہے اور وہ ہر چھ مہینے بعد ساری ڈیٹیل Publish کرتا ہے، میں نے یہ بھی بتایا کہ یہ واحد صوبہ ہے کہ جس کا کوئی Domestic debt نہیں ہے اور جن قرضوں کی بہت سی بات ہوئی کہ کونسے Loans لے لئے ہیں، یہ سارے بڑے پراجیکٹس ہیں، Game changer projects ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ڈاکٹر آسیہ صاحبہ، آپ کی آواز کافی اونچی آرہی ہے، خاموش پلیز۔

وزیر خزانہ: جناب سپیکر، میں دوبارہ سے سب کو کہنا چاہوں گا کہ ایک Ratio ہوتا ہے کہ آپ کے قرضے آپ کے بجٹ کا کتنا حصہ ہیں؟ تو وہ میں نے پچھلے ایک دو دن میں نکالا، میں نے جب 13-2012ء کے ساتھ یہ موازنہ کیا، جب ہمارا ٹوٹل بجٹ تین سو (300) ارب تھا تو اس وقت ایک سو ارب کے قرضے تھے، یعنی قرضے بجٹ کا تینتیس (33) فیصد حصہ تھے اور آج جب تین سو (300) ارب کا قرضہ ہے تو ہمارا بجٹ تیرہ سو بیالیس (1342) ارب روپے یعنی قرضے اس کا تقریباً پچیس (25) فیصد حصہ ہیں، (تالیاں) آج ہمارے قرضے کی پوزیشن دس سال پہلے سے بہتر ہے (تالیاں) اور وہ اس لئے ہے کہ ہم نے Revenue generation پر کام کیا، ہم نے صوبے میں Infrastructure build کیا، ہم نے صوبے کو ایک صاف اور شفاف گورنمنٹ دی اور وہ ہم نہیں کہتے، وہ پوری دنیا کہتی ہے۔ جناب سپیکر، ایک بات ہوئی، اس پر میں Agree کروں گا، یہ اس آرٹیکل میں بھی لکھا ہے، میرے خیال میں عنایت صاحب نے (بات) کی اور وہ یہ تھی کہ بجٹ میں کچھ Figures exaggerated ہوتے ہیں، بڑھا چڑھا کر دیئے ہیں، بڑھا چڑھا کر تو نہیں دیئے جاتے ہیں لیکن Unfortunately یہ باتیں میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ یہ ساری وہ باتیں ہیں کہ جن پر ہم ایک دوسرے پر سیاسی Attacks کر رہے ہیں، کچھ ہم Budget making کے بارے میں بھی سیکھیں، ہماری Unfortunately جو Budgeting conventions ہیں، جو روایات ہیں، ان میں جو Receipts کی سائڈ پر ہم وہ ساری Receipts لکھتے ہیں، جن کا ہمیں لگتا ہے کہ ہمیں حق ہے، اس سال ہمیں مل سکتی ہیں، جب ہم وہ لکھتے ہیں تو اس میں کچھ ہمیشہ ایسے Figures ہوتے ہیں جو ضروری نہیں ہیں کہ وہ ملیں لیکن ہمیں لکھنا پڑتے ہیں۔ اسی طرح Expenditure کی بھی کچھ Conventions ہیں لیکن یہ بات پہلے کسی کو پتہ نہیں ہوتی تھی، کیونکہ بجٹ کا Figure ہوتا تھا، RE (Revised Estimate) کا Figure ہوتا تھا، ہم نے یہ Budgeting میں واضح کیا تاکہ سب کو پتہ ہو اور یہ On the record تقریباً آپ پچھلے بیس سال کا ڈیٹا اٹھالیں، یہ بات ہر سال ہوئی ہے لیکن میں دوبارہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے Budgeted figures میں ہمارے Actual figures میں دس یا پندرہ فیصد کا فرق ہوتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ بجٹ خسارے میں چلا جاتا ہے، چونکہ دونوں سائڈز پر گنجائش ہوتی ہے، ہمارا بجٹ اور ہمارے Actual numbers دونوں کم ہو جاتے ہیں اور جو بہتر استعمال کرتا ہے، اس کو وہ اپنے پیسے مل جاتے ہیں، But یہ ہماری Budgeting کا ایک حصہ ہے، یہ صرف خیبر پختونخوا میں نہیں ہے یہ پنجاب میں، یہ سندھ میں،

یہ بلوچستان میں بھی، ہاں یہ تو ایک Budgeting convention ہے، میرے خیال میں ہمیں ایسی چیزوں کو ڈیبیٹ کرنا چاہیئے کہ ہم آنے والے وقت میں اس کو چیلنج کریں، ہم نے بہت سی چیزیں Already change کی ہیں، ہم بجٹ ساتھ Actual figures لے آئے ہیں، یعنی ایک چیز ہے، اب جناب سپیکر، ایک دوسری چیز جس پر دو چیزیں، ایک تو یہ کہ اس پر تنقید کیوں ہوئی، مجھے تو اس پر حیرت ہوئی کہ یہ بات کیوں بار بار ہوئی کہ آپ نے اس صوبے کو خود دار پختونخوا کیوں کہا؟ اگر آپ کو اس سے پرابلم ہے تو آپ کو جو لفظ پسند ہے، جب آپ آ جائیں تو آپ "ایزی لوڈ پختونخوا" کہہ دیں، (تالیاں) آپ "نان خود دار پختونخوا" کہہ دیں، آپ "ٹین پرسنٹ پختونخوا" کہہ دیں، (تالیاں) آپ "امپورٹڈ پختونخوا" کہہ دیں، جب آپ آ جائیں گے لیکن ان شاء اللہ آپ نہیں آئیں گے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، اس کی بھی بات ہوئی، میرے خیال میں خوشدل خان صاحب نے کی کہ پاکستان کی معاشی صورتحال کے بارے میں آپ نے بات کیوں کی؟ یہ ہم اپنے بجٹ میں Normally نہیں کرتے، یہ میں مانتا ہوں لیکن معذرت کے ساتھ میں اپنے اے این پی کے بھائیوں اور بہنوں کو یہی کہوں گا کہ یہ پاکستان کی بات ہے نہ کہ ہندوستان کی، لیکن اس کی ایک وجہ تھی، ہم مانتے ہیں کہ امپورٹڈ حکومت آئی ہے، اس نے اس ملک میں جو حقدار حکومت تھی اس کا حق چھینا اور اس کے ریزلٹس آپ ہر روز دیکھ سکتے ہیں، میں آج صرف ایک Figure دوں گا جناب سپیکر، جب میں نے بجٹ کی تقریر کی تو ڈالر (208) دو سو آٹھ روپے کا تھا، اس سے ایک ہفتہ پہلے ڈالر تاریخ میں پہلی بار دو سو روپے پر گیا، آج ڈالر (212.05) دو سو بارہ اعشاریہ پانچ روپے پر ہے، تین دن کے بعد، یہ کبھی پاکستان کی تاریخ میں نہیں ہوا، یہ خیبر پختونخوا کے عوام کو بتانا کہ اس ملک کے خزانے کے ساتھ کیا ہو رہا ہے، یہ امپورٹڈ حکومت کیا کر رہی ہے؟ عمران خان نے Actually کس طریقے سے اس حکومت کو چلایا، مشکل حالات میں کیسے ایک معیشت کو چھ فیصد Growth دی؟ Record tax collection, record jobs, record remittances and record exports دیں، یہ ہمارا حق بنتا ہے، ہم کہیں گے، ہم دوبارہ بھی کہیں گے، ہم عمران خان صاحب کے ریکارڈ کو Defend کریں گے، بلکہ پورا پاکستان Defend کرتا ہے۔ (تالیاں) میر کلام صاحب بیٹھے ہیں، اس پر میں بعد میں آؤں گا جناب سپیکر، میں صرف وضاحت کرنا چاہتا ہوں، بہت سے ایم پی ایز کے کہنے کے باوجود ہم نے ایم پی ایز کی Salary increase نہیں کی، منسٹرز کی Increase نہیں کی، اس لئے Increase نہیں کی کہ مشکل

حالات ہیں، ہمیں اپنا پیٹ کاٹ کر قوم کو ایک Example set کرنا ہے، حالانکہ میں یہ بالکل Agree کرتا ہوں کہ Over time یہ Salary ویسے ہونی چاہیئے کہ یہ پارلیمنٹیرین کو اس طریقے سے Support کریں کہ کسی پارلیمنٹیرین کی Financial reputation پر داغ دھبہ نہ لگے لیکن تھوڑی سی Research کرکے بات کرنی چاہیئے، یہ اس صوبے کی پارلیمنٹ ہے، پہلے کچھ پڑھیں اس کے بعد آئیں بولیں، ویسے اپنے آپ کی اور اپنے سارے Colleagues کی اس طریقے سے ان کی Reputation خراب نہ کریں۔ جناب سپیکر، Salaries اور Pensions کی بات کرتے ہوئے میں صرف یہ کہوں گا، ایک دو اپوزیشن ممبرز نے بھی ہمارے Contributory Pension Plan کی ٹی وی پر تعریف کی ہے، میں چونکہ ایک دو مرتبہ یہی جب آپ ریفارمز لاتے ہیں، اس پر کچھ لوگوں کے تحفظات بھی ہوتے ہیں، میں تمام ممبرز، گورنمنٹ اور اپوزیشن سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں، ہمیں سرکاری سسٹم میں Salaries and pension کیسے دیتے ہیں، کس کو Regularize کرتے ہیں، کس کو نہیں کرتے؟ سرکاری جو ملازمین ہوتے ہیں وہ سارے Public tax payers` money سے چلتے ہیں، ان کو کیسے ہم زیادہ Effective بنائیں کیونکہ سرکاری نوکری لینا ایک اعزاز ہے، اس پر ڈیبیٹ کرنی چاہیئے، وہ صرف یہ کہہ کر کہ تنخواہیں ڈبل کریں، پھر یہی حال ہوگا جو آج ہوا ہے۔ وفاقی حکومت نے جو کیا، ہم پی ٹی آئی کو وہ آئی ایم ایف حکومت کہہ رہی تھی، آج وفاقی حکومت بھیک مانگ رہی ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ کسی طریقے سے کوئی Deal sign کرے تاکہ یہ ڈالر یہاں پر رک جائے اور وہ کم ہو جائے۔ ان کی یہی تنقید ہے کہ آپ نے کیا کیا ہے؟ گریڈ بائیس کے افسروں کو Disparity allowance یعنی غربت کا الاؤنس لینے کے لئے، یہ چیزیں اگر ہم کریں گے ہم ملک کے نظام کو خراب کریں گے، ہم نے یہ چیزیں نہیں کیں، ہم نے Executive allowance کو Performance allowance بنایا، ہم نے یہ نہیں کہا کہ ائیر کنڈیشن نو بجے کے بجائے دس بجے چلے گا اور وہ ساری چیزیں جو گھسی پٹی، ہم نے کہا کہ ہم Friday work from home کریں گے، ہم نے کہا کہ ہم نے گاڑیوں کی Monetization کی، وہ پالیسی لے آئیں گے جو سرکاری ملازمین کو بھی فائدہ دے گا، جس سے ہر سال حکومت کے اربوں روپے بچیں گے، یہ ہوتی ہیں اصلی ریفارمز، اسی لئے ہماری اخباروں میں تعریف ہو رہی ہے، اس پر میں صرف یہ کہوں گا کہ اس پر ہمیں سیریس ڈیبیٹ کرنی چاہیئے کیونکہ ہم گورنمنٹ اور اپوزیشن مل کر اس صوبے کے فنانسز کے Custodian ہیں، یہ ہاؤس بجٹ پاس کرتا ہے، ہم Custodian ہیں۔ ایک

Importantچیز ہے جناب سپیکر، میں اسی طریقے سے ثمر بی بی کوCorrect کرنا چاہتا ہوں،انہوں نے کہا کہ یہ صوبہ صرف گیارہ فیصد اپنے وسائل خود پیدا کرتا ہے، اس پر مجھے شدید اعتراض ہے، سب سے پہلے تو ثمر بی بی یہ سن لیں، یہ جان لیں کہ اس حکومت نے پچھلے تین سال میں صوبائی وسائل جن کو ہم Own source revenue کہتے ہیں وہ ڈھائی گنا بڑھا دیئے، تین فیصد سے پچھتر (75) فیصد لیکن یہ تو صوبائی وسائل کا ایک حصہ ہے جو نٹ ہائیڈل پرافٹ ہمیں ملتا ہے، آئل اینڈ گیس ریونیو ہمیں ملتا ہے، کیا یہ صوبائی وسائل نہیں ہیں؟ یہ تو صوبائی وسائل ہی ہیں، آپ تو اپنے آپ کو نیشنلسٹ پارٹی کہتی ہیں، آپ کیسے ان کو Count نہیں کر رہی ہیں؟ (تالیاں) پھر اس کے بعد جناب سپیکر، شاید ان کی فنانشل ایجوکیشن میں کچھ کمی رہی، جو بھی پیسے وفاق سے آتے ہیں وہ پیسے کہیں اسلام آباد سے توCollect نہیں ہوتے، وہ تو پورے پاکستان سے ہوتے ہیں، جو آپ کا این ایف سی کا شیئر ہے، وہ آپ کے جو صوبائی وسائل ہیں وہ آپ کے شیئرز ہیں، آپ اس کو کیوں نہیں Own کر رہی ہیں؟ یہ وہ پارٹی ہے جو ایک وقت میں فیڈرل ازم، پراونشل اٹانومی کی بات کرتی تھی، وہ ابھی صرف اس لئے کہ وہ پنجاب کے ایک پرائم منسٹر کے پیچھے تیسری یا چوتھی بار لگ گئی ہے، اپنے وسائل کو وفاقی وسائل کہہ رہی ہے، (تالیاں) اس کی تو مجھے سمجھ نہیں آئی۔ جناب سپیکر، انہوں نے Political point scoring کے لئے بات کی کہ اوقاف کی جو دکانیں ہیں وہ لوگ Strike پر جا رہے ہیں، یہی تو مسئلہ ہے، یہ امپورٹڈ اپوزیشن جو کہ وفاق میں امپورٹڈ گورنمنٹ ہے، اے این پی کا مجھے پتہ نہیں، کیونکہ انہیں وہ منسٹری نہیں ملی جو وہ مانگ رہے تھے لیکن جناب سپیکر، ہم کیا کر رہے ہیں؟ آپ مجھے یہ بتائیں، یہ سرکاری وسائل ہیں، ثمر بی بی یہ بتائیں، اس کاRent دیا ہوا ہے، پانچ ہزار روپے کا، اس کی Market value وہ ستر (70) ہزار، اسی (80) ہزار اور ایک لاکھ روپے ہے لیکن بیچ میں پیسے کوئیMiddle manبنا رہا ہے، کیا یہ Public tax payers` money کے ساتھ انصاف ہے؟ آپ تین چار لوگوں کے ساتھ سیاست کرنے کے لئے سڑک پر نکل کرProtest کر لیں گے، کیا اس ٹائپ کا کام صوبے کے چار کروڑ لوگوں کے ساتھ انصاف ہے؟ میں ریکویسٹ کروں گا کہ ان Educated families سے جو پولیٹیشنز ہیں جو Political career اپناتے ہیں، ان کو ان چیزوں سے بالاتر ہونا چاہیئے، ثمر بی بی کو اچھی پالیٹیکس کا Standard set کرنا چاہیئے۔ جناب سپیکر، ایک اور سیریس بات وہ ڈیویلپمنٹ بجٹ کے بارے میں، ڈیویلپمنٹ بجٹ پر ہمیشہ اعتراض ہوتا ہے، میرے حلقے میں سکیم آئی، نہیں آئی لیکن میں یہ فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ ڈیویلپمنٹ بجٹ بھی دیکھ

لیں، پورا بجٹ بھی دیکھ لیں، ہمارا بجٹ پورے پختونخوا کے لئے ہے، ایسے نہیں ہے کہ پانچ سال میں آدھا بجٹ مردان پر لگا ہو یا پھر جو ایجوکیشن کا آدھا بجٹ ہے وہ بونیر گیا ہو، پھر وہ بنوں میں لگا ہو اور بنوں میں اس کی کوئی شکل بھی نہیں نظر آرہی ہے کہ لگا ہے کس چیز پر؟ (تالیاں) لیکن یہ میں مانتا ہوں کہ ڈیویلپمنٹ بجٹ میں Improvement کی گنجائش ہے، ہمیشہ ہوتی ہے، بلکہ اس پر بھی ہمیں سیریس ڈیبیٹ کرنی چاہیئے، ہماری نئی پبلک فانشل مینجمنٹ محکمہ لاء Deal کرتا ہے، میں Personally اس چیز کا قائل ہوں کہ ہم Budgeting کی بہت سی Responsibility individual departments کو دے دیتے ہیں، ڈیپارٹمنٹ کو ایک Overall budget sealing، مثلاً ہیلتھ کو ایک بجٹ دیں، پھر ہیلتھ نے یہ Decide کرنا ہے کہ انہوں نے ڈیویلپمنٹ پر کتنا لگانا ہے، انہوں نے دوائیاں کتنی خریدنی ہیں، انہوں نے Operational expenditure کتنا لگانا ہے؟ لیکن ہمارے سسٹم میں کیا ہو رہا ہے کہ لوگ اپنے بجٹ کو Own نہیں کر رہے ہیں، ہم نے کوشش کی ہے کہ فنانس میں اس سائڈ کی ریفارمز کریں کہ ڈیپارٹمنٹس کو زیادہ Empower کریں، اسی لئے ہم نے یہ سارے Acts لائے ہیں، اسی لئے ہم ڈیویلپمنٹ ریلیزز جلدی کرتے ہیں، اسی لئے ہمارا فوکس Non salary budget پر ہے، جس سے دوائیاں لی جاتی ہیں، جس سے آپ کا سارا صحت کارڈ کا سسٹم چلتا ہے، جس سے اب یہ ایجوکیشن کارڈ چلے گا، یہ ایسی Actual reforms ہیں، ان چیزوں پر ہمیں فوکس کرنا چاہیئے، ان چیزوں پر ہمیں ڈیبیٹ کرنی چاہیئے، ان چیزوں پر ہمیں لیجسلیشن بہتر کرنی چاہیئے، اس سے ہم سب کے حلقوں کے لئے زیادہ پیسے ملتے ہیں، یہ میں آپ کو Commit کرتا ہوں، یہ بہت سیریس بات ہے۔ جناب سپیکر، شاید سب سے ضروری Topic قبائلی اضلاع کا ہے، قبائلی اضلاع پر بہت بات ہوئی، مجھے سمجھ نہیں آرہی ہے، ہم سے غلطیاں ہوئی ہوں گی لیکن آج تک ایک اپوزیشن ممبر نے یہ نہیں کہا کہ وفاقی حکومت کوئی چیز غلط کر رہی ہے، ایک اپوزیشن ممبر نے ابھی یہ نہیں کہا کہ آج تھری فیصد این ایف سی ہونا چاہیئے، وہ تو چھوڑیں جو وہ اپنے آپ کو پی ڈی ایم کے چیمپیئن کہتے تھے، میر کلام ابھی محسن داوڑ کی بات کہنا بھول گئے ہیں، میں چیلنج کرتا ہوں، محسن داوڑ اٹھے اور یہ کہے کہ فیڈرل گورنمنٹ صحت کارڈ جاری رکھے، (تالیاں) میں یہ بھی ریکارڈ پر کہتا ہوں، جب میٹنگ ہوئی، وہ ابھی بھی Mislead کر رہا ہے، محسن داوڑ نے کہا کہ میں کیبنٹ کا حصہ نہیں ہوں۔ جناب سپیکر، میٹنگ کیبنٹ کی نہیں ہوئی تھی، میٹنگ کیبنٹ اور Allies کی ہوئی تھی اور محسن داوڑ اس کمرے میں موجود تھے، محسن داوڑ کہے کہ فاٹا کا بجٹ بڑھا نہیں بلکہ کم ہوا، انہوں نے

احتجاج کیوں نہیں کیا؟ وہ بتائیں، اے این پی کے لوگ بتائیں، اختیار ولی بتائیں، پیپلز پارٹی کے ہمارے Representative بتائیں، بلاول تو خود کہتے تھے کہ میں فاٹا کو تھری فیصد دینے کے حق میں ہوں، شاید وہ Foreign trip سے جو Around the world, eighty days کا وہ چکر لگا رہے ہیں، اس سے فارغ ہو جائیں گے تو وہ کچھ کہیں گے۔ جناب سپیکر، کسی نے بات نہیں کی، ہماری وہ گورنمنٹ ہے، جہاں پر ہمیں وفاق نے ہمیں اپنا حق نہیں دیا، ہم نے صوبے کی پوزیشن پر سٹینڈ لیا ہے، بار بار لیا ہے، On the record لیا ہے، جب وفاق کی آئی ایم ایف کے ساتھ ان کی Terms and conditions طے ہو رہی تھیں تو ہمارے جو اعتراضات تھے وہ ہم نے In writing دیئے، خود دیئے۔۔۔۔۔

<u>ایک رکن</u>: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

<u>وزیر خزانہ</u>: ما اوئیل خو تا وانوریدل، زه څه اوکړم؟ (تالیاں) دا کتاب واخله په دېکښې دی۔ جناب سپیکر، انہوں نے پوچھا، یہ میں Clear کرنا چاہتا ہوں، یہ میں Again اس صوبے کے تمام Representatives کی طرف سے کہ انہوں نے فاٹا کے لئے کیا کیا ہے؟۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب بہادر خان</u>: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: بہادر خان صاحب، آپ نے Cross talk نہیں کرنی، آپ بیٹھ جائیں۔ تیمور خان، آپ Continue کریں۔ بہادر خان صاحب، آپ بیٹھ جائیں، آپ عمر کے اس حصے میں ہیں، مجھے سمجھ نہیں آ رہی ہے۔

(شور)

<u>وزیر خزانہ</u>: جناب سپیکر، میں اس لئے رکا کہ قبائلی اضلاع پر بات ہونی چاہیئے، وہ On the record ہونی چاہیئے، سب کو سننا چاہیئے، انہوں نے پوچھا کہ قبائل کے لئے اس صوبے کو کیا کرنا چاہیئے۔۔۔۔۔

(تالیاں)

<u>جناب بہادر خان</u>: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: بہادر خان صاحب، میں آپ کو Warn کر رہا ہوں، آپ بیٹھ جائیں، میں آپ کو Warn کر رہا ہوں۔

<u>وزیر خزانہ</u>: اب اگر اے این پی قبائلی اضلاع کے بارے میں سننا نہیں چاہتے، اسی لئے کہ پارٹی کہاں پر ہے-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: یہی وجہ ہے کہ ان میں سننے کی ہمت نہیں ہے، آپ سنائیں۔

<u>وزیر خزانہ</u>: جناب سپیکر، اس صوبے نے قبائلی اضلاع کے لئے کیا کیا؟ میں صرف پاکستان تحریک انصاف کی بات نہیں کر رہا، پہلی بار قبائل میں اس اسمبلی کے لئے الیکشنز کئے، قبائلی اضلاع کے ہر ضلع کو اس اسمبلی میں آواز دی، (تالیاں) جناب سپیکر، پہلی بار لوکل گورنمنٹ کے الیکشنز کرائے، ان شاء اللہ قبائلی اضلاع کے ہر ویلیج، پانچ چھ سو ویلیج کونسلز ہوں گی، سات سو سے زیادہ ویلیج کونسلز ہوں گی، (تالیاں) ویلیج لیول پر قبائلی اضلاع کی Representation ہوگی۔ جناب سپیکر، پہلی بار خیبر پختونخوا کی کیبنٹ میں قبائلی اضلاع کے پشتون Represent کرتے ہوئے بیٹھے ہیں۔ صحت کارڈ جس پر آج کل بات ہو رہی ہے، جب Universal health coverage کی باری آئی تو پہلی بار عمران خان نے، پاکستان تحریک انصاف کی گورنمنٹ نے پورے پاکستان میں جب کسی کو Universal health coverage دی تو وہ 2021ء میں نہیں، یہ 2019ء میں قبائلی اضلاع کے پچاس لاکھ لوگوں کو دی، (تالیاں) یہ وہی صحت کارڈ ہے جو آج امپورٹڈ حکومت بند کرنے کی کوشش کر رہی ہے، جس پر آج بھی، اس سازش کے باوجود اس صوبے کے ایوان میں بیٹھے ہوئے وہ سارے لوگ جو اسلام آباد میں Influence کر سکتے ہیں لیکن وہ کچھ نہیں کہہ رہے ہیں، ان کے منہ بند ہیں۔ جناب سپیکر، تین فیصد این ایف سی لانے میں ہم کامیاب نہیں ہوئے، میں مانتا ہوں لیکن عمران خان نے قبائلی اضلاع میں جاکر جو کہ کبھی ایک سال میں چالیس ارب روپے سے زیادہ نہیں دیئے تھے، انہوں نے ایک سو تیس (130) ارب روپے تک ایک سال میں لگائے، (تالیاں) ہم نے زیادہ دیئے، اب آپ کم کرنے پر لگ گئے ہیں، یہ فرق ہے۔ جناب سپیکر، Twenty hospitals, Public Private Partnership mode پر چل رہے ہیں، جیسے پشاور کے ہسپتال ہیں ویسے ہی قبائلی اضلاع کے ہسپتال ہوں گے (تالیاں) جو بھی دیکھنا چاہتے ہیں کہ اچھے ہسپتال کیسے چلتے ہیں، پورے پاکستان میں، میں انہی سے کہتا ہوں کہ جاکر ڈی ایچ کیو ہسپتال اورکزئی دیکھ لیں، جاکر شلام میں جو ہسپتال ہے وہ دیکھ لیں، رزمک کا ہسپتال دیکھ لیں، جاکر ممند گھٹ میں جو ہسپتال ہے وہ دیکھ لیں، ایف آر ریجن میں دارازندہ کا ہسپتال دیکھ لیں۔ (تالیاں) پہلے یہ حالات نہیں تھے، جب میں دارازندہ گیا تو وہاں سابق گورنر اقبال

جھگڑا صاحب کی تختی لگی ہوئی تھی لیکن ہسپتال پچھلے چھ مہینوں میں میرے جانے سے پہلے Operationalize ہوا، جب اس کو Public Private Partnership میں لے کر گئے۔ جناب سپیکر، پہلی بار قبائلی اضلاع میں جو موٹروے بن رہا ہے، خیبر پاس اکنامک کاریڈور کا جو پراجیکٹ ہے وہ اس صوبے نے دیا، جب یہ لوگ وفاق میں تھے، کیونکہ یہ Differences ہوتے تھے جو کہ اس کی مخالفت کر رہے تھے، اس کو لوگ اور بیوروکریٹس Road to no where کہہ رہے تھے، ہم نے اس کو چھپایا نہیں، ہم نے وہاں پر سٹینڈ لیا، ہم نے تنقید کی کہ ہم یہ پراجیکٹ چاہتے ہیں، یہ قبائلی اضلاع کا حق ہے، ہم نے لے کر دیا۔ جناب سپیکر، کالجز ہیں، ہاسپیٹلز ہیں، سکولز ہیں لیکن یہ کام کرنا تھا، ستر (70) سال پہلے شروع ہو سکتا تھا لیکن کس نے شروع کیا، کس نے قبائلی اضلاع کے لوگوں کو حق دیا؟ انصاف روزگار سکیم میں اربوں روپے قبائلی اضلاع کے نوجوانوں کو گئے، وہ ہم نے باقی صوبے میں Extend بھی نہیں کی، اور ایک اور چیز، پچھلے سال یہ جو کہتے ہیں کہ یہ صوبے کی Responsibility ہے لیکن یہ بھی ایک سیریس بات ہے، ٹیکنیکل بات ہے، سوائے نیٹ ہائیڈل پرافٹ کے پیسوں کے جو اس صوبے کا باقی پیسہ ہے وہ این ایف سی کے تحت ہمیں ملتا ہے، امپورٹڈ حکومت وہ بھی روک نہیں سکتی، (تالیاں) یہی چیز سندھ، پنجاب، بلوچستان کو اپنا اپنا شیئر مل رہا ہے، اس پر گزارہ کرنا ہمارا کام ہے۔ اس کے علاوہ علیٰحدہ وسائل پیدا کرنا وہ ہمارا اپنا کام ہے، اس میں ہم امپورٹڈ حکومت سے بھی گلہ نہیں کر سکتے کہ ہمیں این ایف سی کے شیئر میں قبائلی اضلاع کو ایک روپے زیادہ دیا یا کم دیا، چونکہ قبائلی اضلاع کے لئے این ایف سی ایوارڈ Complete نہیں ہوا، وہ پیسہ این ایف سی کے Through نہیں ملتا، ایک Informal arrangement ہے جس کے تحت وفاق پیسہ دیتا ہے، خیبر پختونخوا کی گورنمنٹ خود دیتی ہے اس سال کیونکہ ہمارے کچھ دوستوں کو بھی شاید Full information نہیں تھی، اس سال پشاور کے پیسوں سے، سوات کے پیسوں سے، ساؤتھ کے پیسوں سے، ہزارہ کے پیسوں سے ہم نے قبائلی اضلاع کو تقریباً بارہ ارب روپے کی فنڈنگ دی، (تالیاں) کنڈی صاحب کی سندھ گورنمنٹ نے صفر فنڈنگ دی، اختیار ولی صاحب کی گورنمنٹ نے صفر فنڈنگ دی، کسی صوبے نے نہیں دی، ہم نے چھ ارب روپے دیئے، ہم نے اپنے کرنٹ بجٹ سے ان کے ڈیویلپمنٹ بجٹ میں ڈالے، تین ارب روپے تقریباً ہم نے فوڈ سبسڈی کے لئے دیئے ہیں جو کہ آٹھ سو (800) روپے کا آٹا بکتا ہے، ہم نے خیبر پختونخوا کی جیب سے ڈالا۔ جناب سپیکر، بلین ٹریز سونامی کی تین سال کی ساری فنڈنگ ہم نے اپنی جیب سے ڈالی ہے۔ اس

طرح جب طورخم بارڈر کھولنا تھا تو ہم نے وفاقی حکومت کو اس وقت گرانٹ دی تاکہ کام جلدی ہو جائے، اس سال ہم نے گیارہ بارہ ارب روپے اور پچھلے سال کوئی چھ ارب روپے دیئے ہیں، فخر سے دیئے ہیں، میں فخر محسوس کرتا ہوں کہ اس صوبے نے یہ کیا ہے، اس صوبے کی Commitment پر، Dedication پر کوئی سوال نہ اٹھائے، قبائلی اضلاع کے لوگوں کا حق ہے، ہم ان کے حق کے لئے لڑیں گے لیکن معذرت کے ساتھ فی الحال صرف دو تہائی اسمبلی کیونکہ دو تہائی ہماری اکثریت ہے، وہ لڑ رہی ہے، یہ باقی بھی خیبر پختونخوا کے باشندے ہیں، ان کو بھی لڑنا چاہیئے لیکن وہ لڑ نہیں رہے، وہ تین سال انہوں نے سیاست کی۔ ابھی میر کلام جیسے Revolutionary بھی اور محسن داوڑ جیسے Revolutionary بھی یہ کہہ رہے ہیں کہ بجٹ پچھلے سال جتنا ہے، کیونکہ پی ایس ڈی پی کی سائز کم ہو گئی ہے، سافٹ ویئر بڑی جلدی Update ہو گیا ہے۔ جناب سپیکر، قبائلی اضلاع کے صحت کارڈ پر میں Clear کر دوں، ہاں سمری صوبے کو ٹرانسفر کرنے کے لئے عمران خان صاحب کے ٹائم میں یہ Approve ہوئی، آپ کی وجہ سے Approve ہوئی، مجھے انور زیب خان نے ریکویسٹ کی، اقبال وزیر صاحب نے ریکویسٹ کی کہ قبائلی اضلاع کے لوگ صوبے کے صحت کارڈ میں شامل ہونا چاہتے ہیں کیونکہ ہمارا پیکیج بہتر ہوا، ہم نے اس پر کام کیا۔ جناب سپیکر، وہ سمری اٹھائیں، اس پر کہیں نہیں لکھا کہ یہ پیسوں کے بغیر ٹرانسفر ہو گا، اس میں یہ لکھا ہے، جیسے ثمر بلور بی بی نے خود کہا کہ پیسوں کا انتظام ECC یا CDWP ساتھ کر دے گا، وہ جو اوریجنل خط لکھا تھا، اس میں یہ Clear کیا گیا تھا کہ یہ Zero cost پر ہو سکتا ہے کیونکہ فیڈرل پی سی ون میں قبائلی اضلاع کے پیسے Already ہیں، اب یہ بات کہنا میں میر کلام اور بلاول کو کیوں شرم آتی ہے کہ وہ پیسے ہیں، جب وہ یہ آواز نہیں اٹھاتے جو حق کی آواز ہے، اے این پی کے لوگ، مسلم لیگ کے لوگ تو پھر جو وفاقی بیوروکریسی ہے، جو امپورٹڈ حکومت ہے، پھر ان کو تو آسان ہے یہ کہنا کہ یار بس انہیں دو، ہم تو تین سال سے یہ ساری جنگ لڑ چکے ہیں کہ ان کو حق ملے اور وہ عمران خان کی سپورٹ تھی، اس لئے ان کو اپنا حق ملا، آج بھی ہمارا سسٹم قبائلی اضلاع کے لوگوں کو لینے کے لئے تیار ہے، اگر ہمیں قبائلی اضلاع کا کرنٹ بجٹ پورا ملتا تو میں کہتا کہ یار یہ بھی میں اٹھا لوں گا، ایک طرف یہ بے شرمی دیکھیں کہ تنخواہوں کے پیسے پورے نہیں ملے، ایک امپورٹڈ حکومت اتنی نااہل ہے کہ انہیں یہ سمجھ نہیں کہ یہ کوئی Personal engagement نہیں ہے، یہ پاکستان کی فیڈریشن کی دو حکومتوں کے درمیان Engagement ہے، آپ کو Engage کرنا ہے کہ ان کے خرچے کتنے ہیں اور پھر وہ دیں۔ جناب سپیکر، ہم نے جو یہ چار پانچ

ہزار لوگ ریگولرائز کیے وہ اس لئے کئے کہ یہ Commitment قبائلی اضلاع کے لوگوں کے ساتھ ہوئی تھی، وہ پیسے نہیں دے رہے، پھر اس کے بعد مجھے حیرت ہے کہ ثمر بی بی نے کیسے یہ کہا کہ اس میں آپ فنانس ڈویژن سے پیسوں پر خود بات کرلیں؟ حکومت کی ایک آواز ہوتی ہے، میں وفاق کو یہ نہیں کہوں گا کہ ہیلتھ کا یہ کام آپ نے کرنا ہے لیکن فنانس سے خود بات کرلیں، میں گورنمنٹ آف پختونخوا کو Represent کرتا ہوں، اسی طرح یہ امپورٹڈ نااہل وفاقی حکومت کہے کہ جی یہ بندے لے لو، فنانس سے خود بات کرلو، ان کا ایک ہاتھ اپنے دوسرے ہاتھ سے بات نہیں کرتا، میں نے اتنی Incompetence پاکستان کی تاریخ میں نہیں دیکھی اور یہ لوگ اسے Defend کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب ڈپٹی سپیکر: رابعہ بصری صاحبہ، آپ Continuously باتیں کر رہی ہیں۔

وزیر خزانہ: جناب سپیکر، قبائلی اضلاع کے صحت کارڈ پر کوئی Compromise نہیں ہوگا، اگر بلاول Defend نہیں کرنا چاہتے، اگر میر کلام Defend نہیں کرنا چاہتے، اگر اے این پی Defend نہیں کرنا چاہتی، اگر پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ Defend نہیں کرنا چاہتے لیکن ہم Defend کریں گے، (تالیاں) ہم ان کے لئے صحت کارڈ بھی لائیں گے اور ان کے پیسے بھی لائیں گے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، اس فنڈنگ کا Actual expenditure بھی بہت سے لوگوں نے کہا کہ دکھا دیں، تقریباً بیس ارب تھا کیونکہ میرے پاس 2018ء کے اس سے پہلے کے Actual figures بھی نہیں لیکن یہ مجھے پتہ ہے کہ ٹوٹل بجٹ چالیس ارب ہے، Total expenditure اس سے کم ہوتا تھا، 20-2019ء میں Current expenditure total میں ابھی بجٹ کے Figures کی بات نہیں کر رہا، کیونکہ ہم سب نے کہا کہ بجٹ کے Figures میں ہم نے تین فیصد کے Figures بھی ڈالے تھے، Actual current expenditure, 2019-20 میں ستاون (57) ارب، 21-2020ء میں باسٹھ (62) ارب اور 22-2021ء میں تقریباً پچھتر (75) ارب ہوگا، یہ اس سے دس ارب زیادہ ہوتا اگر یہ امپورٹڈ حکومت جس کو یہ Defend کر رہے ہیں، آخری کوارٹر کا کرنٹ ٹرانسفر ہمیں پورا TDP کا دیں اور ڈویلپمنٹ کا Actual expenditure 2019-20 میں اڑتیس (38) ارب، 21-2020ء میں چھیالیس (46) ارب اور 22-2021ء میں ترپن اعشاریہ پانچ (53.5) ارب جبکہ وفاقی حکومت سے ٹرانسفر صرف سینتالیس اعشاریہ پانچ (47.5) ارب ہوئے ہیں، باقی ہم نے اپنی جیب سے لگائے ہیں اور یہ بھی ساتھ

(60)ارب سے زیادہ ہوتا اگر آپ کی امپورٹڈ حکومت آخری کوارٹر کی قسط نہ روکتی، یہ ریکارڈ پر ہے، یہ وہ سارے لفافی جرنلسٹس بھی سن لیں جو کہ قبائلی اضلاع کے چیمپیئن بن کر ان پر سیاست کرتے ہیں۔ جناب سپیکر، میرا یہاں کسی کی طرف اشارہ نہیں ہے، یہ وہ تھا۔ اب آپ دیکھیں، یہ Figures مانگ کر دیکھ سکتے تھے کہ پینسٹھ (65)ارب اس سال کرنٹ خرچہ ہو رہا ہے، تم ساٹھ (60)ارب بجٹ کیسے رکھتے ہو؟ ابھی تو تنخواہوں کی ایک چیز بھی نہیں ہوئی لیکن میں اپوزیشن کو Sarcastically داد دیتا ہوں کہ جس طریقے سے یہ لگ رہا ہے کہ Almost match fixing کے تحت وفاقی حکومت کو Defend کر رہی ہے تو پھر مجھے حیرت نہیں ہوتی کہ ماضی میں بھی پاکستان کے قبائلی اضلاع کے لوگوں کو حق نہیں ملا، کیونکہ مجھے لگتا ہے کہ ایک ایک دو دو ٹافیاں دے کر ان کو چپ کرایا گیا اور قبائلی اضلاع ایسے ہی محروم رہے جیسے ستر (70) سال سے وہ رہ چکے ہیں۔ (تالیاں) جناب سپیکر، آج میں ایک اور نئی بات کہنا چاہتا ہوں کہ یہ کہہ رہے ہیں، یہ تو ویسے ہی کہہ رہے ہیں کہ پچھلے تین سال میں کیا ہوا؟ امپورٹڈ حکومت نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ کرنے کے لئے آپ ہمیں ایک سو ارب روپے دیں۔ جناب سپیکر، فضل الہیٰ صاحب کو ہنسی آ رہی ہے، وہ کہہ رہے ہیں کہ خیبر پختونخوا ایک سو ارب روپے سے زیادہ کا سرپلس چھوڑے، یعنی وفاقی حکومت کو ایک سو ارب روپے زیادہ دے، وہ ہم سے لینا چاہتے ہیں، اس کا بھی یہ ہمارے سارے بھائی بہن یہ مجھے Defend کر دیں، حالات دیکھ لیں، وہ ہمیں کہہ رہے ہیں کہ آپ ہمیں سو ارب روپے دے دیں۔ جناب سپیکر، مجھے سمجھ نہیں آ رہی تو پھر ہمیں ہی حکومت دے دیں، ہم ہی چلا دیں گے، وہاں اسلام آباد میں بھی چلا دیں گے، اگر آپ نہیں چلا سکتے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، End میں دو تین پوائنٹس، ایک تو انہوں نے پوچھا کہ آپ نے این ایف سی ایوارڈ کے لئے کیا کیا؟ این ایف سی ایوارڈ کے لئے خیبر پختونخوا کے چیف منسٹر یا فنانس منسٹر نے کچھ نہیں کیا، جناب سپیکر، این ایف سی ایوارڈ پر دو Sittings، یعنی دو پورے Processes چلے، ایک اسد عمر صاحب کے ٹائم میں، ایک حفیظ شیخ صاحب کے ٹائم میں، دونوں میں یہ کہنا غلط ہے کہ این ایف سی ایوارڈ پر کام نہیں ہوا، میں یہ Floor of the House کہتا ہوں کہ دونوں پر ہم نے سخت سٹینڈز لئے، ایک تو این ایف سی ایوارڈ ریفارم ہو تاکہ پورے پاکستان کو فائدہ ہو، دوسرا یہ کہ قبائلی اضلاع کو ان کے تین فیصد پر Deal ملے اور وہ واحد ہم نے اسی سال فروری میں این ایف سی ایوارڈ کی سب کمیٹی بلائی، اس وقت شوکت ترین صاحب نے یہ بھی Agree کیا کہ بجٹ کے Immediately بعد میں ہم نے اس کا حل بھی نکالنا تھا۔ تیسری چیز

جس پر دوبارہ سے تلخ کلامی بھی ہوئی تھی کہ ہم نے نہ صرف این ایف سی ایوارڈ کرنا ہے بلکہ اس میں ہم نے اے جی این قاضی کا بھی حق نکالنا ہے، یہ War on terror کا ایک فیصد اور این ایف سی ایوارڈ اس میں ہم نے کسی چیز پر بھی Compromise نہیں کرنا ہے، یہ صوبے کا Stance ہے، میں Floor of the House اس لئے کہنا چاہتا ہوں کہ شاید اسی لئے کہ وہ Negotiations آگے نہیں بڑھیں، ہم نے اپنے صوبے کے Stance پر کسی ایک چیز پر Compromise نہیں کیا ہے۔ جناب سپیکر، اسی طرح پٹرولیم، Federal excise duty verses Petroleum levy، اس پر ہماری Continuously بات ہوئی ہے، آج اس امپورٹڈ حکومت نے بھی ساری جو پٹرولیم ہے، ایک تو میں یہ خوشخبری سناؤں کہ انہوں نے یہ پٹرولیم کی قیمتیں اور بھی بڑھانی ہیں، جیسے لیاقت خان نے کہا کہ چار سال میں تیس روپے بڑھی ہیں، دو مہینوں میں ایک سو (100) اور ایک سو بیس (120) روپے بڑھی ہیں، ابھی انہوں نے سات سو ارب روپے بجٹ میں رکھا ہے کہ انہوں نے یہ پٹرولیم ٹیکس ڈالنا تھا لیکن اتنے چالاک ہیں کہ وہ سارا جو ٹیکس ہے انہوں نے پٹرولیم لیوی میں لگایا، اگر اس میں صوبے کا جو بھی شیئر ہو گا وہ ہمیں دیں تاکہ ہم کم از کم یہاں پر وہ قیمت اگر ہمیں وہ پیسے دیں، ہم یہاں پر وہ قیمت کم کر دیں گے، (قطع کلامی) بس ډیرې خبرې مه کوئ یار۔ جناب سپیکر، واپڈا کی رائلٹی کی بات ہوئی، یہ پہلی حکومت ہے جس کو پچھلے سال ایک دن میں پچیس ارب روپے ملے، یہ پہلی حکومت ہے جس نے یہ سسٹم بنایا کہ ماہوار نیٹ ہائیڈل پرافٹ کے پیسے ملیں گے اور ملتے گئے، جب تک امپورٹڈ حکومت نہیں آئی، جناب سپیکر، جب سے امپورٹڈ حکومت آئی ہے، اس سال کے Figures میں بتاتا ہوں، عمران خان نے اس صوبے کو این ایف سی میں اکیس ارب روپے دیئے، امپورٹڈ حکومت یعنی اے این پی، پیپلز پارٹی، مولانا صاحب اور شہباز شریف، ان سب نے کل صفر روپے دیئے، یہ Fact ہے اور جو بھی آکر دیکھنا چاہتے ہیں، وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ میں دیکھ لیں۔ جناب سپیکر، سی آر بی سی کا کریڈٹ صرف عمران خان کی حکومت کو ہی جاتا ہے کیونکہ اگر انہوں نے کرنا تھا تو ان کے پاس 1991ء سے لیکر 2018ء تک کتنے ہو گئے، ستائیس (27) سال ہو گئے، یہ اس میں وہ کر لیتے، تین سال سے اس کے پی سی ون پر کام ہوا ہے، Efforts ہوئی ہیں، Joint collaboration. ہوئی ہے، اس کا کریڈٹ چیف منسٹر محمود خان صاحب کو جاتا ہے (تالیاں) اس کا کریڈٹ پرویز خٹک صاحب اور اسد قیصر صاحب کو جاتا ہے، اس کا کریڈٹ سارے ڈی آئی خان کے ہمارے ایم پی ایز اور ایم این ایز کو جاتا ہے، (تالیاں) جناب سپیکر، ستائیس (27) سال میں یہ ایک

پی سی ون نہیں بنا سکے اور صرف یہ نہیں پشاور ٹوڈی آئی خان موٹروے بھی ان شاء اللہ پی ٹی آئی کی گورنمنٹ کو کریڈٹ جائے گا، سارا کام یہاں ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر، جب سے یہ امپورٹڈ حکومت آئی ہے، جاکر جن پراجیکٹس پر پیسہ ہم نے لگایا، فیتہ کاٹ دیتے ہیں، اگر اپنے کام پر فوکس کریں تو یہ ڈالر شاید 212.5 روپے پر نہ پہنچتا جو گارنٹی کرتا ہے کہ پٹرول اور بجلی کی قیمت اور بھی بڑھے گی۔ جناب سپیکر، آخر میں آپ بھی پشاور سے ہیں، میں بھی پشاور سے ہوں، اب اگر پشاور کے بارے میں زیادہ بات کریں، حالانکہ ثمر بلی کو بہت فکر تھی، میرے خیال میں وہ ابھی پشاور کو ہی چھوڑ گئی ہیں، ان کا ضرور اسلام آباد میں کوئی کام ہو گا۔ (تالیاں) جناب سپیکر، انہوں نے کہا کہ تین حلقوں سے اے این پی جیتی ہے، یہ پرابلم ہم ہی Solve کر دیں گے ان شاء اللہ، اگلی بار پشاور میں اے این پی ایک حلقے سے بھی نہیں جیتے گی۔ (تالیاں)

جناب سپیکر، انہوں نے سوات پر جو الزام لگایا، میں اس کو مسترد کرتا ہوں اور ہمیں فخر ہے کہ صوبے کے جس ضلع میں بھی پیسے لگیں گے، ملاکنڈ ڈویژن کی میں بات خود کرتا ہوں، یہ وہ ایریا ہے جو کہ Militancy hit جو War on terror کا مرکز تھا، اگر ملاکنڈ ڈویژن کی Economy اٹھے تو یہ صوبہ اٹھے گا، اے این پی جو اپنے آپ کو اس صوبے کی پارٹی کہتی ہے، ان سے مجھے یہ توقع نہیں تھی کہ وہ ملاکنڈ ڈویژن کے دشمن بنیں گے لیکن میں یہ ضرور کہہ دوں، کچھ چیزیں میں صرف کہتا ہوں جو پشاور میں ہو رہی ہیں، ہم نے کی ہیں، پاکستان کا بہترین بی آر ٹی جس میں ہر روز ڈھائی لاکھ لوگ WiFi کے ساتھ، ائرکنڈیشن کے ساتھ سفر کرتے ہیں (تالیاں) جس میں ابھی چھیاسی (86) اور بسیں آ جائیں گی جس میں اس سال چھ فیڈر روٹس تو Minimum آئیں گے، ہم پشاور کے Representatives بیٹھ کر یہ فیڈر روٹس اور بھی بڑھائیں گے تاکہ پشاور کے ہر کونے سے چونکہ جس ریٹ سے یہ پٹرول کی قیمت زیادہ کر رہے ہیں، ہمیں لوگوں کو بی آر ٹی کی سہولت دینی ہے کہ وہ ہر جگہ بی آر ٹی میں پہنچیں۔

جناب سپیکر، بہترین پارکس بنے، پرانے پارکس جو ہمارا شاہی باغ ہے وہ Renew ہوا، نیا جو گلستان پارک ہے وہ بنا، اس سے زیادہ Innovation کیا ہے؟ کالجز بن رہے ہیں، آئی ٹی یونیورسٹی بنے گی، ایم ایس ڈی کے پراجیکٹس ہو رہے ہیں، Beautification ہو رہی ہے لیکن بڑی چیزوں کی بات کیوں نہ کریں، ایل آر ایچ میں پورا ایک جدید نیا بلاک بنا ہے، کے ٹی ایچ میں پاکستان کا بہتر Modular theater کا سسٹم بنا ہے، ایچ ایم سی میں نیا ایک Orthopedic and Spine block، پاکستان کی بہترین Accident and emergency بنے گی، پی آئی سی ہسپتال بنا ہے، ایک نہیں دو انٹرنیشنل سٹینڈرڈ

سٹیڈیمز بن رہے ہیں جن میں ان شاء اللہ اگلے پی ایس ایل کے میچز بھی ہوں گے۔ جناب سپیکر، پچاس بی ایچ یوز اور پچاس CDs (Category Ds)، سب پہ پرائمری ہیلتھ کیئر کمیٹیز کے Through کام ہو رہا ہے۔ اس سے پہلے کہ کوئی گلہ کرے، یہ پورے صوبے میں ہو رہا ہے، جناب سپیکر، صلاح الدین صاحب کے حلقے میں بھی ہو رہا ہے، WSSP کی بیس رورل یونین کونسلز میں Expansion ہو رہی ہے، یہ میں نے آپ کو چند چیزیں دکھائی ہیں، مجھے تو یہ یاد ہے کہ ثمر بی بی نے کہا تھا، جب ایک وقت Tree plantation drive ہو رہا تھا، میری بہن ہیں، انہوں نے کہا تھا کہ میرے حلقے میں تو ایک بھی درخت نہیں ہے، آپ کے حلقے میں تو آپ کی پارٹی کی سیاست تیس سال سے ہو رہی ہے، آپ تیس سال میں ایک درخت تو لگا دیتے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، بس End میں میں یہی کہوں گا کہ Minorities کے لئے بھی پیسے رکھے ہیں، خواتین کے لئے بھی ریکارڈ بجٹ ہے، Transgender کے لئے بھی بجٹ ہے، سپیشل ایجوکیشن کے لئے بھی بجٹ ہے، سب کے لئے وہ ریکارڈ بجٹ ہے، آپ آکر دیکھ لیں۔ جناب سپیکر، میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں، صرف دو ریکویسٹس ہیں۔ ۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: فضل الٰہیٰ صاحب، آپ بیٹھ جائیں۔

<u>وزیر خزانہ</u>: کہ جو سیریس فنانشل ایشوز ہیں، جو چیلنجز ہیں، اس پر یہ ہاؤس مل کر ڈیبیٹ کرے، ان کا حل نکالے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نصیر اللہ خان صاحب، آپ کرسی پر صحیح بیٹھیں، بچوں کی طرح کیا حرکتیں کر رہے ہیں۔

(قہقہے)

<u>وزیر خزانہ</u>: وہ اگر فنانشل ایشوز ہیں، میں نے Salaries اور Pension کی بات کی، میں نے صوبے اور وفاق کے ایشوز کی باتیں کیں۔ جناب سپیکر، پیسکو کی بات کرتے ہیں، بیس سال سے یہاں بجلی کا نظام نہیں ٹھیک ہوا، وہ تب ٹھیک ہوگا جب ہم مل کر کام کریں گے۔ میرے خیال میں ہمیں ایک ریزولیوشن پاس کرانی چاہیئے کہ پیکیج آئے، جہاں پر اس صوبے کے جو بقایاجات ہیں لیکن وہ غریبوں پر پتہ نہیں کیسے بیس سالوں سے لاکھوں روپے کے بقایاجات لگائے ہوئے ہیں؟ جن کے گھروں میں ایک ایک یا دو دو بلب ہیں۔ جناب سپیکر، اس کے حل ہمیں مل کر Solve کرنے ہیں، یہ نیٹ ہائیڈل پرافٹ کا، قبائلی اضلاع کے

این ایف سی کا اور صحت کارڈ کا، اس پر میں اپوزیشن سے توقع کرتا ہوں کہ یہ اپنی پارٹی کی سیاست سے اٹھے، ہم تو کہتے ہیں کہ ہمیں غلامی نامنظور ہے، انہیں بھی نامنظور ہونی چاہیئے۔ بہت بہت شکریہ۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ تمام ممبران سے ریکویسٹ ہے کہ کل ٹائم پر سیشن شروع ہو گا، کل کٹ موشنز ہیں، اس پر بات بھی ہو گی، میں تمام ممبران سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ دو بجے Fixed time پر یہاں آئیں۔ دوسرا، نثار مہمند صاحب چلے گئے ہیں لیکن نثار مہمند صاحب کو Inform کر دیں کہ Rule 227 کے تحت ان کو میں Warn کرتا ہوں، اگر انہوں نے دوبارہ ایسی حرکت کی تو میں اس کو پورے سیشن سے آؤٹ کر دوں گا۔

The sitting is adjourned till 2:00 pm, afternoon, Wednesday, 22nd June, 2022.

---

(اجلاس بروز چہارشنبہ مورخہ 22 جون 2022 بعد از دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)